اور بفضل ایزدی تین حج اُن کے ساتھ کیے اور اس اثنائے سفر مین افعال حاجیوں کے
دیکھکر بہت خیال آتا تھا کہ بیچارے قصد حج کا کر دیتے ہین مگر نہ تو ان کو ارکان
حج کی خبر اور نہ وہ طریقہ نبویہ سے ماہر صرف رواجی چال پر حج کر کے چلے
جاتے ہین حالانکہ ایسا حج کرنا بیفائدہ ہے اور تکلیف لاحاصل اور جو خرچ ہوا ہے اسراف
مین داخل جب سفر حج سے واپس آیا تو دل مین خیال پیدا ہوا کہ ایک رسالہ اُردو
عام فہم جسمین رائے فاسدہ کی بو بھی نہ ہو اور سیدھا راستہ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کا ہے وہی لکھا جاوے لہذا عاجز ابو الساکین عبد اللہ ہریجی ابن امان اللہ سنبھلی نے
اپنے بیبہا وقت کو اسی کام مین صرف کیا اور جس جگہ سے حج و عمرہ کے مسائل ملے
جمع کیے جب دیکھا کہ مقصود اپنا پورا ہو گیا ہے تو ترتیب رسالہ کی شروع کی
بعد تالیف تمام اس رسالہ کے خادم شریعت رسول الاواب مولانا مولوی ابو محمد
عبد الوہاب اعاذہ اللہ عن شر المرتابی کی خدمت مین عرض کیا مولوی صاحب موصوف نے
از اول تا آخر امعان نظر ملاحظہ کیا اور اُس کے طبع کرانیکی ماہ شعبان ۱۳۲۸ھ
مین اجازت بخشی اور نام اس کا اَحکامُ الحجِّ النبوِیّ لِمَن یَطلُبُ صِراطَ السَّوِیّ

مرکہا گیا ؛ امید وار ہون کہ اگر بتقاضائے بشریت کوئی خطا ہوئی ہو تو اللہ معاف
کرے اور یہ رسالہ منقسم ہے تین باب پر پہلا باب مسائل مین اس مین
آٹھ فصلین ہین فصل پہلی نماز زکوٰۃ روزہ حج ہر مسلمان پر فرض ہے انکے تارک کے
وعید کا بیان فصل دوسری نماز زکوٰۃ روزہ حج وغیرہ عبادات مین رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی مخالفت کرنیوالیکی وعید کا بیان فصل تیسری نیت و اقسام حج کا
بیان فصل چوتھی سفر حج و احرام و لبیک کا بیان فصل پانچوین دخول حرم
شریف و طواف بیت اللہ و صفا و مروہ پر عمرہ پورا کرنیکا بیان فصل چھٹی حاجی
قبل حج و بعد حج مکہ معظمہ مین کیا کرے اور زیارت تینون مساجد وغیرہ کا بیان
فصل ساتوین آٹھہ ذی الحجہ کو طرف منا کے جانا و عرفات و مزدلفہ کا بیان
فصل آٹھوین مزدلفہ سے منا مین آنا و رمی و قربانی و حلق و طواف افاضہ
و طواف وداع کرکے گھر آنے تک کا بیان باب دوسرا دعاؤن کے بیان
مین اس مین ہر دعا کے حاشیہ پر دعا پڑھنے کی جگہ اور وقت کہ یہ دعا فلان جگہ پڑھی
جائیگی اور کتاب کا پتہ باب تیسرا اس مین پانچ فصلین ہین فصل پہلی

حج وعمرہ میں خاکساری واحرام ولبیک کے فضائل **فصل** دوسری حرم مکہ وبیت اللہ وحجر اسود ورکن یمانی ومقام ابراہیم کے فضائل **فصل** تیسری حج وعمرہ وحاجی ومعتمر کے فضائل **فصل** چوتھی عشرہ ذی الحجہ وعرفات ومزدلفہ ومنا کے فضائل **فصل** پانچویں آب زمزم وصفا ومروہ وغیرہ کے فضائل

باب اول فصل پہلی نماز زکوۃ روزہ حج ہر مسلمان پر فرض ہے ان کے تارک کے وعید کا بیان - قَالَ اللّٰہُ تَعَالٰی اِنَّ الصَّلٰوۃَ کَانَتْ عَلَی

فرمایا اللہ تعالی نے تحقیق نماز ہے اوپر

الْمُؤْمِنِیْنَ کِتٰبًا مَّوْقُوْتًا ه وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَلَا تَکُوْنُوْا

مسلمانوں کے لکھی ہوئی وقت مقرر کئے ہوئے۔ اور قائم کرو تم نماز کو اور مت ہو تم

مِنَ الْمُشْرِکِیْنَ ه اِنَّہٗ مَنْ یُّشْرِکْ بِاللّٰہِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ

مشرک کرنیوالوں سے تحقیق بات یہ ہے کہ جو کوئی شریک لاوے ساتھ اللہ کے پس تحقیق حرام کی اللہ اوپر اسکے

الْجَنَّۃَ وَمَاْوٰہُ النَّارُ وَمَا لِلظّٰلِمِیْنَ مِنْ اَنْصَارٍ ه وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ

جنت اور جگہ اسکی آگ ہے اور نہیں ہے واسطے ظالموں کے کوئی مددگار۔ اور قائم کرو تم نماز کو اور دو تم زکوۃ کو

سورہ نساء ۱۵ سورہ روم ۴ سورہ مائدہ ۱۰ سورہ بقرہ ۵

وَارْكَعُوْا مَعَ الرَّاكِعِيْنَ ۝ فَوَيْلٌ لِّلْمُصَلِّيْنَ الَّذِيْنَ هُمْ

اور رکوع کرو تم ساتھ رکوع کرنیوالوں کے۔ پس ویل ہے واسطے اُن نماز پڑھنے والوں کے

عَنْ صَلٰوتِهِمْ سَاهُوْنَ ۝ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ

کہ وہ نماز اپنی سے بے خبر ہیں۔ فرمایا رسول اللہ صلے اللہ

عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بُنِيَ الْاِسْلَامُ عَلٰى خَمْسٍ شَهَادَةِ اَنْ لَّا اِلٰهَ

علیہ وسلم نے بنیاد رکھی گئی اسلام کی اوپر پانچ چیز کے گواہی دینا اسبات کی کہ نہیں ہے کوئی معبود

اِلَّا اللّٰهُ وَاَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ

سوائے اللہ کے اور تحقیق محمد بندہ اُسکا ہے اور رسول اُس کا اور پڑھنا نماز کا

وَاِيْتَاءِ الزَّكٰوةِ وَالْحَجِّ وَصَوْمِ رَمَضَانَ قَالَ رَسُوْلُ

اور دینا زکوۃ کا اور کرنا حج کا اور روزے رکھنے رمضان کے فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ صَلُّوْا كَمَا رَاَيْتُمُوْنِيْ اُصَلِّيْ قَالَ رَسُوْلُ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز پڑھو تم جیسا مجھے دیکھتے ہو نماز پڑھتے ہوئے فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ بَيْنَ الْعَبْدِ وَبَيْنَ الْكُفْرِ تَرْكُ الصَّلٰوةِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان بندے کے اور درمیان کفر کے چھوڑ دینا نماز کا ہے

لہ سورہ ماعون ۱ لہ بخاری و مسلم لہ بخاری لہ مسلم

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ اَلْعَھْدُ الَّذِیْ بَیْنَنَا

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عہد درمیان ہمارے

وَبَیْنَھُمُ الصَّلٰوۃُ فَمَنْ تَرَکَھَا فَقَدْ کَفَرَ۔ قَالَ النَّبِیُّ صَلَّی

اور درمیان اُنکے یعنی کافروں کے نماز ہے بس جو کوئی ترک کرے اسکو پس تحقیق کفر کیا اُسنے فرمایا نبی صلی

اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَنْ تَرَکَ الصَّلٰوۃَ مُتَعَمِّدًا فَقَدْ کَفَرَ

اللہ علیہ وسلم نے جسنے چھوڑدی نماز جان بوجھکر پس تحقیق اُسنے کفر کیا

جِھَارًا قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ بَیْنَ الْکُفْرِ

کھلم کھلا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان کفر کے

وَالْاِیْمَانِ تَرْکُ الصَّلٰوۃِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ

اور ایمان کے ترک کرنا نماز کا ہے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

لَا اِیْمَانَ لِمَنْ لَّا اَمَانَۃَ لَہٗ وَلَا صَلٰوۃَ لِمَنْ لَّا طُھُوْرَ لَہٗ وَلَا دِیْنَ

نہیں ہے ایمان واسطے اُس شخص کے کہ نہیں ہے امانت واسطے اسکے اور نہیں ہے نماز واسطے اُس شخص کے کہ نہیں ہے وضو اسکی اور نہیں ہے دین

لِمَنْ لَّا صَلٰوۃَ لَہٗ اِنَّمَا مَوْضِعُ الصَّلٰوۃِ مِنَ الدِّیْنِ کَمَوْضِعِ الرَّاْسِ مِنَ الْجَسَدِ

واسطے اُس شخص کے کہ نہیں ہے نماز واسطے اسکے سوا اسکے نہیں کہ جگہ نماز کی دین میں مانند جگہ سر کے ہے بدن سے

قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ حَافَظَ عَلَيْهَا كَانَتْ لَهُ
فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص محافظت کرتے نماز کی ہوگی واسطے اُس کے
نُوْرًا وَّبُرْهَانًا وَّنَجَاةً يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَمَنْ لَّمْ يُحَافِظْ عَلَيْهَا لَمْ تَكُنْ
نور اور دلیل اور سبب مغفرت کی دن قیامت کے اور جو کوئی نہیں محافظت کرتا اُس پر نہ ہوگی وہ واسطے
لَهُ نُوْرًا وَّلَا بُرْهَانًا وَّلَا نَجَاةً وَّكَانَ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ مَعَ قَارُوْنَ وَفِرْعَوْنَ
اُسکے نور اور دلیل اور بخشش اور ہوگا وہ دن قیامت کے ساتھ قارون اور فرعون
وَهَامَانَ وَاُبَيِّ بْنِ خَلَفٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَا مِنْ ثَلٰثَةٍ فِيْ قَرْيَةٍ
اور ہامان اور ابی بن خلف کے فرمایا رسول صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں تین شخص کسی بستی میں
وَّلَا بَدْوٍ لَا تُقَامُ فِيْهِمُ الصَّلٰوةُ اِلَّا قَدِ اسْتَحْوَذَ
اور نہ جنگل میں کہ نہ جماعت کی جاوے انہیں نماز کی مگر تحقیق غالب ہوتا ہے
عَلَيْهِمُ الشَّيْطَانُ فَعَلَيْكَ بِالْجَمَاعَةِ فَاِنَّمَا يَاْكُلُ الذِّئْبُ
اور پر شیطان پس لازم پکڑ اپنے پر جماعت کو پس سوائے اسکے نہیں کہ کھاتا ہے بھیڑیا اُس بکری کو
الْقَاصِيَةَ قَالَ لِيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ
دور ہو ریوڑ سے فرمایا واسطے میرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے

كَيْفَ أَنْتَ إِذَا كَانَتْ عَلَيْكَ أُمَرَاءُ يُمِيتُونَ
کیا حال ہوگا جسوقت کہ ہونگے تجہپر مسلط سردار تاخیر کرینگے
الصَّلٰوةَ أَوْ يُؤَخِّرُونَ عَنْ وَقْتِهَا قُلْتُ فَمَا
نماز کو یا تاخیر کرینگے وقت اُس کے سے کہا مینے پس کیا حکم کرتے ہو
تَأْمُرُنِي قَالَ صَلِّ الصَّلٰوةَ لِوَقْتِهَا فَإِنْ أَدْ
مجہہ کو فرمایا نماز پڑہ وقت اُسکے پر پس اگر پاوے تو
رَكْتَهَا مَعَهُمْ فَصَلِّ فَإِنَّهَا لَكَ نَافِلَةٌ
اس نماز کو ساتہہ اُنکے پس پڑہ تو نماز تحقیق ہیوا سطے تیرے نفل ہوگی۔

ان آیات اور احادیث کا یہ مطلب ہے کہ جس نے عمدًا نماز چہوڑدی ایک وقتکی ہو یا دو یا تین یا چار یا پانچون وقتکی پس وہ کافر ہوگیا اور محدثین کا یہی مذہب ہے اگر توبہ نہ کرے گا تو مرتد ٹہیرکر فی الفور لائق قتل ہوگا اور مسلمانون کے مقابر مین دفن نہ کیا جاوے گا اسی طرح کی اور بہت حدیثین آئین ہین جس سے کفر عمدًا تارک صلوۃ کا ثابت ہوتا ہے

زکوۃ کی فرضیت کا بیان

وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ ۝ الَّذِينَ لَا يُؤْتُونَ الزَّكٰوةَ وَهُمْ بِالْآخِرَةِ هُمْ كَافِرُونَ
اور ویل ہے واسطے مشرکون کے وہ لوگ کہ نہین دیتے زکوۃ کو اور وہ ساتہ آخرت کے وہی ہین کافر

وَعَنْ مَسْرُوْقٍ قَالَ قَالَ عَبْدُ اللّٰہِ بْنُ مَسْعُوْدٍ لَاوِی
اور روایت ہے مسروق سے کہا کہ فرمایا عبداللہ بن مسعود نے کہ روکنے والا
الصَّدَقَةِ مَلْعُوْنٌ عَلٰی لِسَانِ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ
زکوٰۃ کا ملعون ہے اوپر زبان محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے
یَوْمَ الْقِیَامَةِ وَعَنْ عَبْدِ اللّٰہِ بْنِ مَسْعُوْدٍ قَالَ اُمِرْنَا
دن قیامت کے۔ اور روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا حکم کئے گئے ہم
بِاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَاءِ الزَّکٰوةِ وَمَنْ لَّمْ یُزَكِّ فَلَا صَلٰوةَ لَهٗ
ساتھ قایم کرنے نماز کے اور دینے زکوٰۃ کے اور جس نے زکوٰۃ نہ دی پس نہیں نماز واسطے اُس کے
قَالَ مَنْ اَقَامَ الصَّلٰوةَ وَلَمْ یُؤْتِ الزَّکٰوةَ فَلَیْسَ بِمُسْلِمٍ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس نے نماز پڑھی اور نہ دی زکوٰۃ پس نہیں وہ مسلمان
لَمْ یَنْفَعْهُ عَمَلُهٗ، قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَانِعُ الزَّکٰوةِ یَوْمَ
کوئی عمل بھی اسکے کچھ کام نہ آئیگا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ دینے والا زکوٰۃ کا دن
الْقِیَامَةِ فِی النَّارِ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مَا مَنَعَ قَوْمٌ الزَّکٰوةَ اِلَّا ابْتَلَاهُمُ اللّٰہُ بِالسِّنِیْنَ
قیامت کے بیچ آگ کے ہوگا۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں روکا کسی قوم نے زکوٰۃ کو مگر مبتلا کرے گا اللہ ان کو قحط سالی میں۔

روزہ کی فرضیت کا بیان

له رواه [illegible] عه رواه [illegible] عه رواه الطبرانی فی الصغیر عه رواه الطبرانی فی الاوسط

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِينَ

اے لوگو جو ایمان لائے ہو فرض کئے گئے تم پر روزے جیسے کہ فرض کئے گئے اوپر اُن لوگوں کے

مِن قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُونَ قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ أَرْبَعٌ

کہ پہلے تم سے تھی تو کہ تم پرہیزگاری کرو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار

فَرَضَهُنَّ اللّٰهُ فِي الْإِسْلَامِ فَمَنْ جَاءَ بِثَلَاثٍ لَمْ يُغْنِينَ عَنْهُ شَيْئًا حَتَّى

چیزیں ہیں جن کو اللہ نے اسلام میں فرض کیا ہے جس نے انمیں سے تین ادا کیں وہ کچھ کام نہیں آتیں جبتک

يَأْتِيَ بِهِنَّ جَمِيعًا الصَّلٰوةُ وَالزَّكٰوةُ وَصِيَامُ رَمَضَانَ وَحَجُّ الْبَيْتِ

کہ سب کو بجا نہ لاوے نماز اور زکوٰۃ اور روزے رمضان کے اور حج بیت اللہ کا

قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ عُرَى الْإِسْلَامِ وَقَوَاعِدُ الدِّينِ ثَلَاثَةٌ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اسلام کا کڑا اور دین کے قاعدے تین ہیں

عَلَيْهِنَّ أُسِّسَ الْإِسْلَامُ مَنْ تَرَكَ وَاحِدَةً مِنْهُنَّ فَهُوَ كَافِرٌ حَلَالُ الدَّمِ

اور انکے اسلام کی بنیاد ہے جس نے چھوڑا ایک کو انمیں سے پس کافر ہے اس کا خون حلال ہے

شَهَادَةُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَالصَّلٰوةُ الْمَكْتُوبَةُ وَصَوْمُ رَمَضَانَ

ایک گواہی دینا اس بات کی کہ کوئی نہیں سوائے اللہ کے اور نماز فرض اور روزے رکھنے رمضان کے

لہ سورہ بقر ۲۳ سلہ احمد سلہ ابو یعلی سلہ بیہقی اور شاہ ولو

دیکھو اس حدیث میں نماز روزے کا ایک ہی حکم رکھا ہے دونوں کے
تارک کو کافر فرمایا ہے پس ایک دن کے روزے اور ایک وقت کی نماز کے
ترک کرنیکا ویسا ہی حکم ہے جیسا کہ سارے مہینہ کے روزے اور پانچوں
وقت کی نماز کا حکم ہے دوسری حدیث سے صاف معلوم ہوتا ہے کہ ان
چاروں رکن کا ایک ہی حکم ہے ان میں باہم کچھ بھی تفرقہ نہیں ہے کرنیوالا
ان کا مسلمان ہوتا ہے اور نہ کرنے والا کافر جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
نے ہی تفرقہ نہ کیا یکسان رکھا تو پھر دوسرا کون ایسا ہے جس کے تفرقہ کو ہم
مانیں اسکی بات سنیں اور رسول اللہ کے فرمانے پر کان نہ دھریں یہ آیات
واحادیث دلیل ہیں اسبات پر کہ جس نے نماز پڑہی اور اچھی طرح سے پڑہی
مگر روزہ نہ رکھا زکوۃ نہ دی حج نہ کیا گو فرضیت کا قائل ہے تو ایسا شخص مسلمان
نہیں ہے اسی طرح زکوۃ دی حج کیا روزہ رکھا مگر نماز نہیں پڑہتا ہے بہت
پڑہی تو جمعہ یا عید کو پڑہ لی یا رمضان کے نمازیوں میں مل گیا ایسا آدمی بھی
اسلام سے خارج ہے یا حج کیا مگر روزہ زکوۃ کو چھوڑ دیا یا روزہ زکوۃ کو

بتایا لایا مگر حج نہ کیا تو بھی یہ شخص کافر ہو گیا جیسا کہ صاف ابو یعلیٰ کی روایت سے معلوم ہوتا ہے کما تقدم

حج کی فرضیت کا بیان

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ

اور واسطے اللہ کے ہے اوپر لوگوں کے حج کرنا اس گھر کا جو کہ پاسکے طرف اس کے راہ اور جو کوئی کفر کرے پس تحقیق اللہ بے پرواہ ہے جہان سے۔

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ مَّلَكَ زَادًا اَوْ رَاحِلَةً تُبَلِّغُهُ اِلٰى بَيْتِ اللّٰهِ وَلَمْ يَحُجَّ فَلَا عَلَيْهِ اَنْ يَّمُوْتَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا وَذٰلِكَ اَنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص کہ مالک ہو راستہ کے خرچ کا کہ پہونچا وے خرچ اسکو طرف بیت اللہ کے اور نہیں حج کیا پس نہیں ہے اوپر اس کے یہ کہ مرے وہ یہودی یا نصرانی اور یہ اس لئے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ فرماتا ہے اور واسطے اللہ کے ہے اوپر لوگوں کے حج کرنا اس گھر کا جو کہ پاسکے طرف اس کے راہ۔

فَقَالَ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے۔

---

[۱] آل عمران [۲] ترمذی و بیہقی [۳] ابن ماجہ

مَنْ لَمْ تَحْبِسْهُ حَاجَةٌ ظَاهِرَةٌ اَوْ مَرَضٌ حَابِسٌ اَوْ سُلْطَانٌ

جو شخص کہ نہیں روکا اُس کو کسی حاجت ظاہر نے یا مرض روکنے والے نے یا بادشاہ

جَائِرٌ وَلَمْ يَحُجَّ فَلْيَمُتْ اِنْ شَاءَ يَهُوْدِيًّا وَاِنْ شَاءَ نَصْرَانِيًّا

ظالم نے اور نہیں حج کیا پس چاہیے کہ مرے وہ اگر چاہے وہ یہودی اور اگر چاہے وہ نصرانی

لہ قَالَ مَنْ مَاتَ وَهُوَ مُوْسِرٌ وَلَمْ يَحُجَّ جَاءَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ

فرمایا رسول اللہ نے جو شخص کہ مرے اور وہ طاقت رکھتا ہے حج کی اور نہ حج کیا آویگا دن قیامت کے

وَبَيْنَ عَيْنَيْهِ مَكْتُوْبٌ كَافِرٌ . قَالَ مَنْ كَانَ يَجِدُ وَهُوَ

اور درمیان آنکھوں اُس کے کے لکھا ہوا ہوگا کافر۔ فرمایا جو کوئی کہ ہے پاتا طاقت

مُوْسِرٌ صَحِيْحٌ لَمْ يَحُجَّ كَانَ سِيْمَاهُ بَيْنَ عَيْنَيْهِ كَافِرٌ ثُمَّ تَلَا هٰذِهِ الْاٰيَةَ

وسعت پوری پھر حج نہ کیا ہوگا ایک ٹیکا درمیان آنکھوں اُسکی کے کافر پھر پڑھا آپ نے اس آیت کو

وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ قَالَ لَقَدْ هَمَمْتُ اَنْ اَبْعَثَ رِجَالًا اِلٰى

اور جو کوئی کفر کرے پس تحقیق اللہ بے پرواہ ہے جہان سے۔ کہا حضرت عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے البتہ تحقیق ارادہ کیا میں نے یہ کہ بھیجوں کئی مرد کو

هٰذِهِ الْاَمْصَارِ فَلْيَنْظُرُوْا كُلَّ مَنْ كَانَ لَهٗ جِدَةٌ وَلَمْ يَحُجَّ

طرف ان بستیوں کی پس چاہیے کہ دیکھیں وہ اس بات کو کہ ہر وہ شخص کہ ہے واسطے اُسکے مال اور نہ حج

فَيَضْرِبُ عَلَيْهِمُ الْجِزْيَةَ مَا هُمْ بِمُسْلِمِيْنَ مَا هُمْ بِمُسْلِمِيْنَ

نہ کیا پس لین وہ اُن سے جزیہ نہیں ہیں وہ مسلمان نہیں ہیں وہ مسلمان ۔

عَنِ ابْنِ عُمَرَ قَالَ مَنْ وَجَدَ اِلَى الْحَجِّ سَبِيْلًا وَسَنَةً ثُمَّ سَنَةً ثُمَّ

روایت ہے ابن عمر سے کہا جو شخص کہ پاوے طرف حج کے راستہ ایک برس پھر ایک برس پھر ایک برس

سَنَةً ثُمَّ مَاتَ وَلَمْ يَحُجَّ لَمْ يُصَلَّ عَلَيْهِ لَا يَدْرِيْ مَاتَ يَهُوْدِيًّا اَوْ نَصْرَانِيًّا قَالَ رَسُوْلُ

مرگیا اور حج کیا نہ نماز پڑہی جاوے اوپر اسکے نہیں معلوم وہ مرا یہودی یا نصرانی فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَا اَيُّهَا النَّاسُ خُذُوْا عَنِّيْ مَنَاسِكَكُمْ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لوگو سیکہو مجھسے احکام حج اپنے کے

یہ آیات و احادیث دلیل ہیں اس بات پر کہ ترک کرنا حج کا باوجود امکان

وعدم مانع وعذر شرعی کے کفر ہے تارک اُس کا کافر ہے پس جب یہ بات

ثابت ہوچکی کہ مسلمانوں پر یہ چاروں چیزیں فرض عین ہیں ہر ایک کا وہی

حکم ہے کسی طرح کا فرق شرعی درمیان ان چیزوں کے نہیں ہے تو معلوم

ہوا کہ آدمی جب ہی مسلمان ہوتا ہے کہ ان چاروں چیزوں کو بعد اقرار زبانی

بجالاوے نہین تو ایک یا دو یا تین چیزون کے بجالانیسے ہرگز مسلمان
نہین ہوتا اکثر جاہل یہی سمجھتے ہین کہ نماز پڑہ لینا کافی ہے زکوۃ دی یا تدری
بعض نمازہ ہین پڑہتے رمضان کے روزے رکھ لیتے ہین اُسی کو مسلمانی
جانتے ہین سو یہ سب شیطان کا دہوکا ہے اس قسم کے لوگ گو اپنے آپکو
ہزار بار مسلمان سمجھین سینکڑون ہو لوی انکو مسلمان کہین مگر حقیقت مین کلام
ہین کلام کے مسلمان نہین مسلمان اور کافر ہونا کسی کا قرآن و احادیث کی
گواہی سے معلوم ہوتا ہے نہ زید و عمرو کے کہدینے لکھدینے سے سو جو کوئی
اللہ و رسول پر ایمان رکھتا ہے اور آخرت پر یقین لایا ہے اُسپر یہ بات
فرض ہے کہ اگر اپنی نجات چاہتا ہے تو ان چارون چیزون کو پورا بجالاوے
پہر اُسوقت اگر آپ کو مسلمان کہے مومن سمجھے تو ہو سکتا ہے ورنہ جبتک
ایک رکن مین بھی کچھ خلل ہے بلا وجہ بلا عذر اُس کو چہوڑا ہے تب تک یہ آدمی
مسلمان نہین اسلام سے الگ ہے شعر کرلے جو کرنا آج ہے +
یہ زندگی کا راج ہے + پس جیتے جی مختار ہے + جب مر گیا محتاج ہے +

فصل دوسری نماز زکوۃ روزہ حج وغیرہ عبادات مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی مخالفت کرنیوالے کی وعید کا بیان۔

قُلْ يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ

کہدے لوگو تحقیق مین پیغمبر ہون اللہ کا طرف تمہارے سب کے وہ جو واسطے اُسکے ہے بادشاہی

السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ يُحْيِي وَيُمِيتُ فَآمِنُوا بِاللَّهِ وَرَسُولِهِ

آسمانون کی اور زمین کی نہین کوئی معبود مگر وہ زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے پس ایمان لاؤ ساتھ اللہ کے اور رسول اُسکے کے

النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ الَّذِي يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَكَلِمَاتِهِ وَاتَّبِعُوهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ

جو نبی ہے ان پڑھا وہ جو ایمان لاتا ہے ساتھ اللہ کے اور باتون اُسکی کے اور پیروی کرو اسکی تو کہ تم راہ پاؤ۔

مَنْ يُطِعِ الرَّسُولَ فَقَدْ أَطَاعَ اللَّهَ فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتَّى يُحَكِّمُوكَ

جو کوئی کہا مانے رسول کا پس تحقیق کہا مانا اللہ کا پس قسم ہے پروردگار تیرے کی نہین ایماندار ہونگے یہانتک کہ حاکم بناوین تجھہ کو

فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا

بیچ اُس چیز کے کہ جھگڑا پڑے درمیان اُنکے پھر نہ پاوین بیچ جیون اپنے کے تنگی اُس چیز سے کہ حکم کرے تو اور مان لیوین ماننی کر

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يُحِبُّ الْكَافِرِيْنَ

کہہ فرمانبرداری کرو اللہ کی اور رسول کی پس اگر پھر جاویں پس تحقیق اللہ نہیں دوست رکھتا کافروں کو

وَمَنْ يُّشَاقِقِ الرَّسُوْلَ مِنْ بَعْدِ مَا تَبَيَّنَ لَهُ الْهُدٰى وَيَتَّبِعْ غَيْرَ

اور جو کوئی برخلاف کرے رسول کے پیچھے اس کے کہ ظاہر ہوئی واسطے اس کے ہدایت اور پیروی کرے سوائے

سَبِيْلِ الْمُؤْمِنِيْنَ نُوَلِّهٖ مَا تَوَلّٰى وَنُصْلِهٖ جَهَنَّمَ وَسَآءَتْ مَصِيْرًا ۝ وَمَنْ

راہ مسلمانوں کی تو جدھر کرینگے ہم اسکو جدھر متوجہ ہوا ہے اور داخل کرینگے ہم اسکو دوزخ میں اور بری جگہ پھر جانے کی اور جو

يُّطِعِ اللّٰهَ وَالرَّسُوْلَ فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِيْنَ اَنْعَمَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ مِّنَ النَّبِيّٖنَ

کوئی فرمانبرداری کرے اللہ کی اور رسول کی پس یہ لوگ ساتھ ان لوگوں کے ہیں کہ نعمت کی ہے اللہ نے اوپر انکے پیغمبروں سے

وَالصِّدِّيْقِيْنَ وَالشُّهَدَآءِ وَالصّٰلِحِيْنَ وَحَسُنَ

اور صدیقوں سے اور شہیدوں سے اور صالحوں سے اور اچھے ہیں

اُولٰٓئِكَ رَفِيْقًا ۝ قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ

یہ لوگ رفیق۔ کہہ اگر ہو تم چاہتے اللہ کو پس پیروی کرو میری

يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ

چاہیے گا تم کو اللہ اور بخشے گا تمہارے گناہ اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَحْدَثَ

فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے جس نے نئی بات نکالی

فِیْ اَمْرِنَا هٰذَا مَا لَيْسَ مِنْهُ فَهُوَ رَدٌّ۔ قَالَ رَسُوْلُ

بیچ اس دین ہمارے کے وہ چیز کہ نہیں ہے اس میں پس وہ مردود ہے۔ فرمایا رسول

اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ اَمَّا بَعْدُ فَاِنَّ خَيْرَ الْحَدِيْثِ

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے لیے پر پیچھے اس کے پس تحقیق بہترین باتوں کی

كِتَابُ اللّٰهِ وَخَيْرَ الْهَدْيِ هَدْيُ مُحَمَّدٍ وَشَرَّ الْاُمُوْرِ مُحْدَثَاتُهَا

کتاب اللہ کی ہے اور بہترین راہوں میں راہ محمدؐ کی ہے اور بد ترین چیزوں کی نئی نکالی ہوئی

وَكُلُّ بِدْعَةٍ ضَلَالَةٌ۔ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ

اور جو بدعت ہے وہ گمراہی ہے فرمایا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم نے

نُهٗ مِنْ اَحَدُكُمْ حَتّٰى يَكُوْنَ هَوَاهُ تَبَعًا لِمَا جِئْتُ بِهٖ

نہین ایماندار ہوتا ایک تمہارا ایسا تک کہ ہو خواہش اُس کی تابع اُس چیز کے

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ اَخَذَ

کہ لایا ہون مین اُس کو۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے پکڑی سنت میری

فَهُوَ مِنِّيْ وَمَنْ رَغِبَ عَنْ سُنَّتِيْ فَلَيْسَ مِنِّيْ قَالَ

پس وہ میری امت سے اور جو شخص بے رغبتی کرے سنت میری سے پس نہین ہے وہ امت میری سے فرمایا رسول

اللّٰهُ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كُلُّ اُمَّتِيْ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ اَبٰى

اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سب اُمت میری داخل ہوگی بہشت مین مگر جس نے قبول نہ کیا

قِيْلَ وَمَنْ اَبٰى قَالَ مَنْ اَطَاعَنِيْ دَخَلَ الْجَنَّةَ وَمَنْ عَصَانِيْ فَقَدْ اَبٰى

کہا گیا کون ہے جس نے قبول نہ کیا فرمایا جس نے فرمانبرداری کی میری داخل ہوگا بہشت میں اور جس نے نافرمانی کی میری پس تحقیق قبول نہ کیا

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ تَمَسَّكَ بِسُنَّتِيْ عِنْدَ

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس شخص نے مضبوط پکڑا سنت میری کو وقت

رواہ مسلم ۱۲ رواہ بخاری ۱۲ متفق

فَسَادِ اُمَّتِیْ فَلَهٗ اَجْرُ مِائَةِ شَهِیْدٍ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّی اللّٰهُ

بگڑ جانے امت میری کے پس واسطے اُس کے ثواب ہے سو شہید کا۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ

عَلَیْهِ وَسَلَّمَ وَالَّذِیْ نَفْسُ مُحَمَّدٍ بِیَدِهٖ لَوْبَدَا لَکُمْ

علیہ وسلم نے قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ جان محمد کی اُسکے ہاتھ میں ہے اگر ظاہر ہوتے واسطے تمہارے

مُوْسٰی فَاتَّبَعْتُمُوْهُ وَتَرَکْتُمُوْنِیْ لَضَلَلْتُمْ عَنْ سَوَاءِ السَّبِیْلِ

موسیٰ پس پیروی کرتے تم اُسکی اور چھوڑ دیتے تم مجھ کو البتہ گمراہ ہو جاتے تم سیدھی راہ سے

وَلَوْ کَانَ مُوْسٰی حَیًّا وَاَدْرَكَ نُبُوَّتِیْ لَاتَّبَعَنِیْ قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ

اور اگر ہوتا موسیٰ زندہ اور پاتا نبوت میری کو البتہ پیروی کرتا میری فرمایا رسول اللہ

صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَسَلَّمَ تَرَکْتُ فِیْکُمْ شَیْئَیْنِ لَنْ تَضِلُّوْا بَعْدَهُمَا

صلی اللہ علیہ وسلم نے چھوڑی بیچ تمہارے دو چیزیں ہرگز گمراہ نہ ہوگے تم پیچھے اُن دونوں کے

کِتَابُ اللّٰهِ وَسُنَّتِیْ وَلَنْ یَّتَفَرَّقَا حَتّٰی یَرِدَا عَلَیَّ الْحَوْضَ

کتاب اللہ اور حدیث رسول اللہ اور نہ جدا ہونگی وہ دونوں یہاں تک کہ آوینگی وہ دونوں اوپر حوض میرے کے

لے یہ حدیث سے دارمی کی حدیث کا ٹکڑا ہے ۱۲ منہ

روایت ہے ابن عباس سے کہا تھا مین پیچھے رسول اللہ کے ایک دن سو
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اے لڑکے تو حفاظت کر اللہ تعالی کے
حکمون کی وہ حفاظت کرے گا تیری احمد و ترمذی حکمون کی حفاظت یہ ہے
کہ ہر حکم خدا کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرمانیکے موافق اپنی اپنی جگہ پر
بجالاوے کھلم کھلا اور کسی کا ڈر خوف نہ کرے * شعر مین عاشق ہون اس اپنی
پوری صدا کا + مخالف بنی کا ہے دشمن خدا کا :: ہمنے اس فصل مین برائے اختصار
بطور نمونہ چند آیتین و حدیثین لکھی ہین کہ مخالفت کرنیوالا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا
کسی حکم مین اصلاً مسلمان نہین بلکہ کافر و گمراہ و دوزخی ہے اسکی پوری پوری
تفصیل ہماری کتاب انتباہ الغافلین مین دیکھ لین -

فصل تیسری نیت و اقسام حج کا بیان فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے نہین معتبر ہوتے عمل مگر ساتھ نیتون کے اور نہین ہے واسطے
ہر شخص کے مگر وہ چیز کہ نیت کی ہے اسکی بخاری و مسلم یعنی بغیر نیت
خالص کئے ہوئے کوئی عمل مقبول نہین تو ہر مسلمان امت اجابت کو چاہئے

کہ جس عمل نیک کو شروع کرنا چاہے تو پہلے نیت یعنے دل کا ارادہ مضبوط
کرے کہ یہ کام اللہ کے واسطے کرتا ہون اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے
فرمانیکے موافق کروں گا یہ خلاصہ ہے نیت کا نماز ہو یا زکوۃ روزہ ہو یا حج یا
اور کوئی عمل نیک فرض ہو یا نفل بغیر نیت کے ناتمام اور غیر مقبول ہے سو حاجی
جب سفر کا ارادہ کرے تو نیت حج وعمرہ کی کرے اور جب میقات پر
پہونچکر احرام باندہے تو نیت احرام عمرہ کی کرے اسی طرح جب مکہ معظمہ مین
پہونچکر طواف شروع کرے تو نیت طواف عمرہ کی کرے اور جب طواف عمرہ سے
فارغ ہو کر طرف صفا کے پہونچے تو نیت سعی صفا مروہ کی کرے اور اسیطرح
جب آٹھ تاریخ ذی الحجہ کو احرام باندہے تو نیت حج کی کرے اور جب دس
تاریخ ذی الحجہ کو منی سے آکر طواف شروع کرے تو نیت طواف فاضہ کی
کرے اور جب گھر کو روانہ ہو تو نیت طواف وداع کی کرے مسئلہ
آفاقی شوال سے پہلے میقات پر پہونچے تو عمرہ کا احرام باندہے کیونکہ ابھی ایام حج
نہین ہین کیسی قسم کے حج کا احرام نہین باندھ سکتا حج تین قسم پر ہے ایک افراد

وہ اس طرح ہوتا ہے کہ شوال یا ذیقعدہ یا عشرہ ذی الحجہ مین حاجی میقات پر
پہونچکر نرے حج کا احرام باندہے اور مکہ معظمہ مین پہونچکر اسپر کوئی ارکان حج
وعمرہ کالازم نہیں ہے اور اسی احرام سے رہے یہان تک آٹھ ذی الحجہ کو حاجیون کیساتھ
نکلے اور حج پورا کرے اسی شکل کا نام حج افراد ہے دوسرا حج قران ہی وہ یہ ہے
کہ حج کے دنون مین لینی شوال کا مہینہ شروع ہونیکے بعد حاجی میقات پر پہونچکر
احرام حج وعمرہ کا باندہے اور مکہ مین پہونچکر عمرہ پورا کرے پہر احرام نہ کہولے
یہانتک کہ آٹھ ذی الحجہ کو اسی احرام کے ساتھ حج پورا کرے اور اسپر قربانی جیسی ادا ہے
اور طواف افاضہ کے ساتھ اور حاجیون کی طرح اسپر سعی صفا مروہ واجب نہین ہے
فقط دس تاریخ کو طواف افاضہ کرکے منیٰ کو لوٹ جانا ہوگا اسی شکل کا نام
قران ہے تیسرا حج تمتع ہے یہ یون ہوتا ہے کہ حج کے مہینون مین حاجی
میقات پر پہونچکر احرام عمرہ کا باندہے اور مکہ مین پہونچکر عمرہ پورا کرکے احرام
کہول ڈالے پہر آٹھ ذی الحجہ کو احرام حج کا باندہے اس شکل کا نام حج تمتع ہے
اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج قران کیا تھا اور تمتع کی تمنا کی

اور صحابہ کو رغبت دلائی بلکہ عمرہ کر کے احرام نہ کھولنے پر غصہ ہوئے اور
ابوموسیٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کہا احرام باندھا ہے جو احرام باندھا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم نے آپ نے فرمایا ہدی لایا ہے کہا نہیں فرمایا طواف کر بیت اللہ کا
پھر سعی صفا مروہ کر اور احرام کھول ڈال بخاری و مسلم ابوموسیٰ کا احرام حج کا تھا
یعنی قران کا لیکن ہدی نہ تھی تو آپ نے فرمایا متمتع ہو جا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے حج کے احرام کو فسخ کرا کر عمرہ کرا دیا اور محدثین کا یہی مذہب ہے
کہ تمتع افضل ہے اور تمتع پر قربانی واجب ہے اور تمتع میں سہولیت بھی ہے
یلملم کا باندھا ہوا احرام مکہ میں پہونچکر عمرہ پورا کر کے کھولڈالے اور آٹھویں ذی الحجہ
بغیر احرام رہے نہائے دھوئے بیوی سے صحبت وغیرہ محظورات احرام کرے
کرائے **مسئلہ** حج کو فسخ کر کے عمرہ کر ڈالنا جائز ہے نواب صدیق حسن خان
مرحوم نے لکھا ہے کہ چودہ ۱۴ صحابہ سے زیادہ جواز فسخ حج کے راوی ہیں
اس طرح کا اوٹ پھیر ساری امت کو جائز ہے ہرگز منع نہیں خود رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فتوی دیا ہے بلکہ اس حکم کے بجا نہ لانے پر غصہ فرمایا ہے

پہر وہ ایسا کون ہے کہ جس کی بات سنی جاوے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
فرمان نہ مانا جاوے اور ابن قیم نے تو اس نسخ کو واجب کہا ہے اور بہت
دلائل کتب محدثین مین اس مسئلہ کے موجود ہین روایت ہے ابو رزین عقیلی سے
یہ کہ وہ آیا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہر کہا یا رسول اللہ تحقیق باپ میرا نہین
طاقت رکہتا حج کی نہ عمرہ کی اور نہ سوار ہونیکی فرمایا حج کر اپنے باپ کی طرف سے
اور عمرہ کر ترمذی ابو داؤد نسائی و کہا ایک عورت نے یا رسول اللہ باپ
میرے نے پایا حج کو اور وہ بہت بوڑہا ہے نہین بیٹھ سکتا سواری پر کیا
حج کرون مین اُسکی طرف سے فرمایا حج کر بخاری و مسلم مندروایت ہے ابن عباس سے
کہ آیا ایک شخص نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس اور کہا کہ تحقیق بہن میری نے
نذر مانی تھی یہ کہ حج کرے اور وہ مرگئی پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اگر
ہوتا اُسپر قرض کیا ادا کرتا تو کہا ہان پس فرمایا ادا کر قرض اللہ کا بخاری و مسلم
یعنے مرد عورت کی طرف سے اور عورت مرد کی طرف سے حج کر سکتے ہین خواہ وہ
زندہ ہو یا مردہ مگر وہ زندہ کہ کسی طرح حج کو نہین جا سکتا ہے اور نہ جانیکی

اُس سے کبھی اُمید نہیے یعنے دائم المرض ہونیکی وجہ سے یا اور کوئی عذر
شرعی کی وجہہ سے ایسے ہی وہ مردہ جو عذر شرعی سے رکا تھا پھر قضاء عند اللہ
مرگیا تو اُسکی طرف سے اُسکے اقارب حج کرسکتے ہیں روایت ہے ابن عباس سے
کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا ایک شخص کو کہ لبیک کہتا ہے
یہ لبیک شبرمہ کی طرف سے ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کون ہے
شبرمہ تیرا کہا اُس نے بھائی میرا ہے یا قریب میرا ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے کیا تو حج کرچکا اپنی طرف سے کہا نہیں فرمایا حج کر اپنی طرف سے پھر حج کر
شبرمہ کی طرف سے ابوداؤد ابن ماجہ یعنی جہانتک ممکن ہو حج دوسرے
مسلمان کی طرف سے وقت عذر کے اُس کا قرابتی یا دینی بھائی ہی کرے
اس لئے کہ یہ دونوں دردمندی کے ساتھ ارکان حج ادا کرینگے غیر کا اعتبار
چونکہ ایسا نہیں ہے یعنی مشرک بدعتی کو صرف روپیہ ہی کی غرض اصلی مقصود
و مطلوب ہوتی ہے برخلاف مسلمان تبع سنت کے کہ اس کو للہیت و خلوص
مقصود ہوتا ہے اور خیر خواہی دوسرے کی قرابتی ہو خواہ دینی بھائی ہو

اس لئے کہ فرمایا اللہ تعالیٰ نے (اِنَّمَا المُؤمِنُونَ اِخوَۃٌ) یعنے مسلمان
متبع سُنت قرآن وحدیث کے عامل سب آپس مین بھائی ہین۔ اٹھایا ایک
عورت نے طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اپنے چھوٹے لڑکے کو
اور کہا واسطے اس کے حج ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہان
اور واسطے تیرے ثواب ہے مسلم یعنی یہ حج نفل ہوگا اور اس کا ثواب
بچہ کو بھی ملے گا اور والدین کو بھی ملے گا لیکن بچون کو سب ارکان مین
ساتھ رکھین جو وہ نہ کر سکین آپ کرا دین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جو لڑکی لڑکا بلوغ سے پہلے حج کر چکا ہے ان کو بعد بلوغ کے پھر حج کرنا فرض ہے
اور جو لونڈی غلام حج کر چکا ہے یعنی مالک کی ملک مین وہ بعد آزاد ہونیکے پھر
حج کرے طبرانی روایت ہے ابن عباس سے کہا تھے یمن والے حج کرتے
اور توشہ نہ لیتے کہتے تھے کہ ہم متوکل ہین پس جب آتے مکہ مین مانگتے
لوگون سے پس نازل کی اللہ تعالیٰ نے یہ آیت وَتَزَوَّدُوا فَاِنَّ خَیرَ
الزَّادِ التَّقوٰی) اور توشہ لیا کرو کہ بھلائی توشہ کی بچاتی ہے سوال سے

بخاری یعنی یہ جو لوگ حج میں مانگتے کہاتے تکلیف دیتے لوگون کو اور آپ مصیبت
اُٹھاتے جاتے ہین اُن کو حج کے ثواب سے سوال اور حاجیون کے ستانے
کا گناہ بڑا ہے مسلمان کو ایسا ہر گز نہ چاہیے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے نہ سفر کرے کوئی عورت ایک رات دن کا بھی مگر کہ ساتھ اسکے ذی محرم ہو
بخاری ومسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ خلوت کرے کوئی مرد
ساتھ کسی عورت کے اور نہ سفر کرے کوئی عورت اس حال مین کہ نہ ہو ساتھ
اسکے ذی محرم پس کہا ایک شخص نے یارسول اللہ لکھا گیا ہون مین غزوہ
فلان مین اور ارادہ نکلنے کا کیا ہے بیوی میری نے حج کے لیے فرمایا جا اور
حج کر ساتھ عورت اپنی کے بخاری ومسلم - فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے نہین حلال ہے واسطے کسی عورت کے کہ ایمان رکھتی ہے اللہ
اور دن قیامت پر یہ کہ سفر کرے تین رات کا مگر ساتھ ذی محرم کے بخاری
ومسلم ان احادیث سے ثابت ہوا کہ عورت کو حج کے سفر مین بھی ضروری
ولازمی بات ہے کہ اس سفر خیر مین عورت کے ہمراہ محرم ضرور ہو کیونکہ

یہ بھی ایک سفر ہے سفرون مین سے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمانا
عام ہے (اَلْعِبْرَۃُ لِلْعُمُوْمِ) بلکہ یہ سفر چونکہ بہت سخت ہے جہاز د
ہوڈیون داونٹون پر سوار ہوتے اور اُترتے وقت حقیقت اس سفر کی
معلوم ہوتی ہے اسی لئے رسول اللہ نے غازی سے فرمایا کہ حج مین اپنی بیوی
کے ہمراہ جا ہان یہ دوسری بات ہے کہ کسی عورت کا محرم ہوہی نہین یا
ہے بھی تو مشرک بدعتی بے دین ہے تو اُسوقت عورت کو ضرورۃً یہ سفر
کرنا بغیر محرم کے جائز ہوا جیساکہ ہجرت وغیرہ سفرون ضروریون مین رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثون مین عورتون کا سفر کرنا بغیر محرم کے ثابت ہے
(کَمَا لَیْسَ بِمُخْفِیٍ عَلٰی مَاھِرِ الْکِتٰبِ وَالسُّنَّۃِ) مسئلہ جو شخص بعد احرام
کے حرم مین یا غیر حرم مین کسی وجہ سے روکا گیا یا بادشاہ ظالم نے روکدیا
یا اس کا کوئی عضو ٹوٹ گیا یا راستہ بھول گیا اور ایام حج گزر گئے اب
یہ یہین حلال ہو جاوے اگر قربانی ہمراہ ہے ذبح کردے حجامت
بنوالے اس کا حج ہو گیا چونکہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کسی کو حج

عمرہ سے روکے جانے والیکو پھر قضا کرنیکا حکم نہین دیا اور وہ جو عمرے
کا نام عمرۃ القضا ہے وہ اس لئے نہین ہے کہ اگلے سال عمرہ کیا تھا یہ
اسکی قضا ہے وہ تو اس طرح پر ہے کہ مشرکین مکہ نے عہد نامہ لکھوایا تھا
اس مین بڑا قصہ جھگڑا ہوا اسلئے اس عمرہ کا نام عمرۃ القضا ہوا رہی یہ بات
کہ دوسرا حج عمرہ کرے یا نہین سو جب اللہ تعالی مال و تندرستی دے
جتنے چاہے حج عمرہ کرے کوئی مانع نہین اور پانچوین سال ہر صاحب وسعت کو
حج کرنا چاہیے جیسا کہ حدیث قدسی مین ہے فرمایا اللہ تعالی نے جس
بندے کو تندرستی دی اور اسکے عیش کو وسعت بخشی پانچ برس گزر گئے
اب بھی میرے گھر تک نہ آیا وہ محروم ہے ابن ماجہ بیہقی فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے حج اکبر ہے اور عمرہ حج اصغر ہے طبرانی کبیر یعنے یہ
جو لوگون مین مشہور ہے کہ جمعہ کے دن جو حج ہو وہ حج اکبر ہے یہ غلط ہے ۔
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منا مین خطبہ فرمایا پھر لوگون کو رخصت کیا اسلیئے
اس حج کا نام حجۃ الوداع ہوا اور اس حج مین ایک لاکھ چوبیس ہزار آدمیون سے زیادہ تھے

فصل چوتھی سفر حج واحرام ولبیک کا بیان اس سفر مبارک مین رفیق صالح دوست صادق محبوب خیر طلب کا ہمراہ ہونا بھی بہت ضروری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مطلق سفر مین تنہا جانیسے منع فرمایا ہے ایک آدمی کو ایک شیطان ود کو دو شیطان تین کو سوار بتلایا ہے اس لئے تین چار آدمی سے کم ہمراہ ہوون پہران مین سے ایک کو امیر بنادین اگر بڑی جماعت ہو تو پہر اس سے بہتر کیا ہے مگر یہ جماعت فاسق فاجر مرد عورتوکی نہو دیندار نمازی پرہیزگار لوگ ہون اس لئے بچنا صحبت بد سے ہر جگہ واجب ہے خصوصًا اس سفر مبارک مین ایسے لوگون کو ہمراہ نہ لے جو بدعقیدہ بدعتی بے دین ہون مجبوری اور بات ہے ایسے لوگون کے ہمراہ ہونیسے اندیشہ ہے کہ کہین ریل نہ لڑجاوے سمندر نہ ڈبو دیوے حج منہ پر نہ مارا جاوے اور جو لوگ اس سفر مین ہمراہ ہون انسے با اخلاق پیش آتا رہے حتی المقدور انکی خیر خواہی کرے خصوصًا جدہ سے مکہ تک مکہ سے عرفات تک اور مکہ سے مدینہ تک ان جگہونمین پیاسے کو پلاوے اور بہوکے کو کہلاوے

جو پاس موجود ہو اُس کو خوش دل ہو کر صرف کرے کسی نے رسول اللہ سے
پوچھا حج کی خوبی کیا ہے فرمایا کھانا کھلانا نرم بات کرنا زبان و اعضا کو روکنا
جفا کرنے والے کی جفا اُٹھانا موذی کی ایذا سہنا اس سفر مین جو کچھ تکلیف و
مصیبت و بے آرامی درپیش آوے اس پر صابر شاکر خوش دل رہنا دلیل ہے
قبول حج و عمرہ کی اس سفر مبارک کا ثواب بھی جہاد سے کم نہین ہے حاجی
جب گھر سے نکلے تو گھر مین دو رکعت نماز پڑھکر باہر آوے ایسا نکلنا برائی
سے بچاتا ہے بزار و بیہقی نووی نے کہا ہے پہلی رکعت مین قل یا ایہا
الکافرون دوسری رکعت مین قل ہو اللہ پڑھے سلام پھیر کر آیت کرسی پڑھے
گھر سے نکل کر جب تک گھر مین واپس آوے گا کوئی مکروہ اُس کو نہ پہنچیگا جمعرات
کے دن صبح کے وقت یہ سفر کرے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
نے اسوقت کے لئے دعاء برکت کی ہے مگر خود بعد نماز ظہر کے مدینہ منورہ سے
روانہ ہوئے تھے سو اس سنت کا اتباع کرنا چاہئے یہ کچھ اور ہی مزا ہے۔
مسئلہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہر سفر مین نماز قصر کیا کرتے تھے یعنے

چار رکعت کی دو رکعت پڑھتے صرف فرض پڑھتے نفل وسنت نہ پڑھتے
مگر سنت فجر اور وتر ضرور پڑھتے اور نماز پڑھنے کا یہ طریقہ تھا جب دو پہر سے
پہلے چلتے تو ظہر کو عصر کے ساتھ ادا کرتے یعنے پہلی ظہر کی پڑھتے پھر عصر کی
پڑھتے اور اگر بعد زوال چلتے تو ظہر کے ساتھ عصر کو ملا کر چلتے اسی طرح مغرب
وعشار کو جمع کرتے اور نماز سنت وغیرہ سواری پہ پڑھتے اور فرض نماز
اتر کر پڑھتے سو حاجی ومسافر کو اسی طرح چاہیے اور جو اترنے سے لاچار ہے
بسبب عذر کے سو وہ فرض کو اونٹ پر پڑھ دلے جسطرح علمار کا فتوی ہے
ریل وغیرہ مین لیکن اونٹ پر سے اتر کر نماز پڑھنا کچھ مشکل نہین ہے کیونکہ
اونٹ بہت چھوٹے اور دبلے کمزور اور بہت آہستہ چلتے ہین ان پر سے
اتر کر نماز پڑھنا کچھ مشکل نہین ہے اور سستی کا مرض لاعلاج ہے

اَلْحَجُّ اَشْهُرٌ مَّعْلُوْمٰتٌ فَمَنْ فَرَضَ فِيْهِنَّ الْحَجَّ فَلَا رَفَثَ وَلَا
فُسُوْقَ وَلَا جِدَالَ فِي الْحَجِّ وَمَا تَفْعَلُوْا مِنْ خَيْرٍ يَّعْلَمْهُ اللّٰهُ

ترجمہ حج کے مہینے ہین معلوم یعنی شوال ذیقعدہ دس دن ذی الحجہ کے

پس جو کوئی مقرر کرے بیچ اُن کے حج پس نہ رغبت کرنا اور نہ گناہ کرنا اور نہ
جھگڑنا اور جو کچھ کروگے تم بھلائی سے جانتا ہے اسکو اللہ یعنی ہر بات لغو
و بے شرمی و فحش کی داخل رفث ہے عورتون سے ہنسی ٹھٹھا کرنا ملنے ملانے کا ذکر کرنا
وصل و فراق کی کہانی کہنا یہ سب رفث ہے یہ اپنی بیوی سے بھی نہ چاہیے اسیطرح
جو کام ایسا ہے کہ اُس مین حکم شرع سے باہر نکلنا ہوتا ہے حرام ہو یا مکروہ
وہ سب داخل فسق ہے کچھ گالی دینے ہی پر موقوف نہین ہمراہیون سے
ہر بات پر الجھنا جھگڑنا چھینا چلانا داخل جدال ہے یہ تینون کام اگرچہ
ہر جگہ ہر وقت منع ہین مگر اس سفر مبارک مین اور بھی زیادہ بدتر نکھتر ہین کوئی
ایسا برا کام نہین ہے جو ان تینون لفظون سے باہر ہو یہ نہایت ہی بلاغت و
فصاحت ہے کلام مجید کی اچھا حاجی وہ ہے جو ان تینون کامون سے بچے
نہ وہ شخص جو ایک دو سے بچا اور سب سے نہ بچا جس امر میں ان امور میں سے
پھنس گیا وہی نقصان اُس کے حج مین باقی رہیگا اس لئے ہر مسلمان کو
چاہیئے کہ ان مکروہات کے بچنے مین نہایت کوشش کرے۔ حدیث میں آیا

آیا ہے کہ جب ایک گروہ تیاری حج کی کرتا ہے تو ابلیس بھی اپنے رفیقون کو لیکر تیار ہو جاتا ہے راہ مین اُن کو طرف منشور کے بلاتا ہے خیرت ہے کہ تا وہ بڑا اعتماد تمند ہے جو اُس کے بھید سے بچ گیا۔ ایک بار رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خطبہ فرمایا اور مسلمانون کے کئی گروہون کی تعریف کی اور اُن کو نیکی سے یاد کیا پھر فرمایا کیا حال ہے اُن لوگون کا جو اپنے ہمسایون کو دین و علم نہین سکہاتے اور اُن کو وعظ و نصیحت نہین کرتے اور اُن کو نیک بات نہین بتلاتے اور بُری بات سے نہین روکتے اور کیا حال ہے اُن لوگون کا جو اپنے ہمسایون سے علم و نصیحت حاصل نہین کرتے اور نہ نصیحت مانتے ہین قسم ہے اللہ کی یہ لوگ اپنے ہمسایون کو ضرور علم و دین سکہلاوین ورنہ اللہ اُن کو دنیا ہی مین عذاب کرے گا اور فرمایا ایک دوسرے سے علم کی نصیحت پکڑو اور ایک دوسرے کو علم کی نصیحت سکہاؤ اسواسطے کہ علم کی خیانت مال کی خیانت سے سخت تر ہے اور اللہ تم کو اس سے پوچھے گا ترغیب و ترہیب بمبئی کے مسافرخانہ مین اور جہاز مین اور جدہ کے

ٹھہرنے مین اور حدے کی پڑاؤ مین اور مکہ ومنا وعرفات ومزدلفہ اور مدینہ کے
راستہ مین داہین بائین حاجی ہمسایہ ہوتے ہین ان جگون مین قرآن و حدیث
کے موافق وعظ ونصیحت کرتے رہین اگر اپنی خیر چاہتے ہین۔ حدیث مین ہے
کہ شیطان نے اپنے چپڑاسی مقرر کئے ہین حاجیون کیلئے اور کہدیا ہے کہ
تم حاجیون کو راستہ سے بہکا دو یعنے گناہ مین پہنسا دو طبرانی روایت ہی عائشہ
رضی اللہ تعالی عنہا سے کہ جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سفر کا ارادہ کرتے
تو ان چیزون کو ہمراہ لیتے کنگہی مسواک آئینہ سرمہ دانی اور بعض روایت
مین سوئی ڈورا قینچی استرا بہی ہے بیہقی وغیرہ۔ متعین کین رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جگہ احرام باندہنے کی اہل مدینہ کے لئے ذوالحلیفہ کو اور شام والون
کے لئے جحفہ کو اور نجد والون کے لئے قرن منازل کو اور یمن والون کیلئے
یلملم کو پس یہ میقات ہین اُن شہروالون کے لئے جو مذکور ہوئے اور اُن
کے لئے کہ گذرین ان جگہون مین سے بغیر اہل اُن کے سے کہ ارادہ کرے
حج کا یا عمرہ کا پس جو شخص کہ ہو اندر رہنے والا ان مواضع کے پس جگہ احرام

اسکے کی گھر اپنے سے ہے یہانتک کہ اہل مکہ احرام باندہین مکہ سے بخاری مسلم
روایت ہے ابن عباس سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ برے
میقات سے مگر احرام باندہکر طبرانی روایت ہے جابر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم داخل ہوئے دن فتح مکہ کے مکہ مین بغیر احرام کے اور انپر تھی
سیاہ مسلم روایت ہے زید بن ثابت سے یہ کہ انہون نے دیکھا نبی صلی اللہ
علیہ وسلم کو کہ کپڑے اتارے واسطے احرام اپنے کے اور غسل کیا ترمذی دارمی
روایت ہے عائشہ رضی اللہ تعالی عنہا سے کہا تہی مین خوشبو لگاتی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کو واسطے احرام اُن کے کے پہلے احرام باندہنے سے اور
واسطے نکلنے اُن کے کے احرام سے پہلے طواف کرنے افاضہ کے ساتھ
خوشبو کے کہ ہوتی تہی اس مین مشک گویا کہ مین دیکھتی تہی چمک خوشبو کی
بیچ مانگ بالون رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے اور وہ ہوتے تھے محرم
بخاری و مسلم یعنی سنت ہے حاجی کو احرام کے لئے غسل کرے بال مین ہوسکے
خوشبو تیل ڈالے پھر احرام کے کپڑے پہنے روایت ہے عبد اللہ بن عمر سے

کہ ایک شخص نے پوچھا رسول اللہ صلی اللہ وسلم سے کہ کیا پہنے محرم قسم کپڑون سے
فرمایا نہ پہنو کرتے اور نہ باندہو پگڑیان اور نہ پہنو پاجامہ اور نہ
اوڑہو ٹوپیان اور نہ پہنو موزے مگر وہ شخص کہ نہ پاوے جوتا پس پہنے موزے
اور چاہیے کہ کاٹ ڈالے موزے دونون ٹخنون کے نیچے سے بخاری مسلم
یعنے ایک تہبند باندہے اور ایک چادر اوڑہے اور سر نہ ڈہانکے اور ایک
بڑا کپڑا جو تہبند اور اوڑہنے کو کفایت کرے اور یہ کپڑا سفید ہونا افضل ہے
اور نیلا صابری شربتی وغیرہ سب جائز ہین اور چادر یا تہبند کے دو پاٹ
بھی جوڑنے جائز ہین روایت ہے ابن عمر سے یہ کہ انہون نے سنا
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو منع فرماتے تھے عورتون کو بیچ احرام کے پہننے
دستانون کے سے اور ڈالنے نقاب کے سے اور پہنے اُس کپڑے
کے سے کہ لگی ہے اُس کو ورس اور زعفران اور پہنے بعد اس کے
جو چاہے انواع کپڑون سے ابو داؤد یعنے ورس ایک رنگدار خوشبودار
گہاس ہے عورتین اپنے احرام مین معمولی کپڑے پہنین پاجامہ کرتا

دو پٹا چولی انگبا - اور مرور ومالی اور روپیون کی ہمیانی ضرورت کے لئے
باندہ لین تو جائز ہے - جنا ایک عورت نے بچہ ذوالحلیفہ مین جب کہ نکلے
رسول اللہ حجۃ الوداع کو پس بہیجا اُس عورت نے کسی کو طرف رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے کیا کرے وہ فرمایا غسل کر اور لنگوٹ باندہ ساتھہ کپڑے کے
اور احرام باندہ اور چل ساتھہ قافلہ کے بخاری وسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے جس وقت نہ پاوے محرم تہبند پس پہنے پاجامہ بخاری ومسلم
یعنے احرام کے کپڑے چادر اور تہبند مین جب یہ میسر نہ ہون تو جو میسر ہو
پہنے اور محرم بنے اور حج عمرہ پورا کرے روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا تھے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پڑہتے ذوالحلیفہ مین دو رکعت پہر سوار ہوتے
نزدیک مسجد ذوالحلیفہ کے اور بلند کرتے آواز اپنی ساتھہ لبیک کے بخاری ومسلم
یعنے یہ ذوالحلیفہ مدینہ منورہ کا میقات ہے مدینہ سے تین میل مدینہ والے اور
جو حج عمرہ کو ادھر سے جاوے وہ یہین سے احرام باندہتے ہین اور
ہند کا میقات یلملم ہے یہ ایک پہاڑ ہے مکہ معظمہ سے دو منزل پر یمن کے

قافلے یہان آکر اُترتے ہین پہر احرام باندہکر مکہ معظمہ جاتے ہین اور ہند والے
جہاز مین جب اس پہاڑ کے سامنے ہوتے ہین تب احرام باندہتے ہین
اور یہ پہاڑ جہاز کے راستہ سے بہت دور ہے اس پہاڑ کے سامنے
جہاز جب پہونچتا ہے کہ جدہ دو ڈہائی یا تین دن کی مسافت رہتا ہے
اور مسافت کمتی بڑہتی اسوجہ سے ہے کہ بعض جہاز تیز اور بعض آہستہ چلتا
ہے پس ہندوالے جہاز ہی مین غسل کرین اور نماز پڑہین اور احرام باندہکر
لبیک کہنا شروع کرین اب یہ محرم بن گئے اور پہاڑ کا سامنا معلوم کرنیکے
لئے یا تو کوئی تجربہ کار حاجی ہو ورنہ جہاز کے کپتان کے پاس نقشہ ہے
اُس سے معلوم کرلین ۔ روایت ہے ابن عمرؓ سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے
جمائے بال سر اپنے کے ساتھ خطمی کے ابو داؤد یعنی ننگا سر ہونیسے بال پراگندہ
و پریشان ہوتے ہین تو اس لئے کسی چیز سے خطمی یا ملتانی یا گوند سے
جمالے ۔ روایت ہے عائشہ سے کہا گزرتا قافلہ ہمپر اور تہین ہم ساتھ
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے احرام باندہے ہوئے پس جس وقت گزرتا

قافلہ ہمارے آگے سے ڈالتی ایک ہماری چادر اپنی اوپر مُنہ لپنے کے پس جسوقت کہ نکل جاتی قافلہ ہم سے کہولدیتی ہم منہ اپنا ابو داؤد یعنی نقاب و برقعہ و چادر وغیرہ سے ہر وقت منہ محرم عورت نہ ڈہانکے رہے اور ضرورت کے وقت جیسے غیر حاجی قافلہ وغیرہ آگے سے گزرین تو منہ پر کپڑے سے پردا کرنا جائز ہے اور یہ جو بمبئی مین کہجور کے پنکھے بکتے ہین اُس کو عوام احرام کے دن اُس مین دو ڈورے بندہے ہوتے ہین اور باریک باریک سوراخ ہوتے ہین جنہین اُس کو خرید کر رکھ لیتی ہین جب احرام باندہتی ہین تو اُس کو ماتھے سے باندہ لیتی ہین اور مُنہ کی طرف لٹکا دیتی ہین یہ جائز نہین ایسا ہرگز نہ کرین روایت ہے ابن عباس سے کہا بہری ہوئی سینگی کہچوائین نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بخاری و مسلم روایت ہے ابو ایوب انصاری سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم دہوتے سر اپنا حالت احرام مین بخاری و مسلم روایت ہے عبد اللہ بن مالک سے کہا سینگی کہچوائین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حالت احرام مین بیچ مکان لحی جمل کے راہ مکہ مین درمیان

سر اپنے کے یعنی ضرورت کے لیے یہ امر جائز ہے بخاری مین ہے کہ محرم
کو خالی پہول سونگنے جائز ہے روایت ہے عثمان سے کہا فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو جب دکہی اسکی آنکہین اور تہا وہ محرم لپیٹ
کر ساتہہ ایلوے کے مسلم فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک شخص کو کہ گرتی تہین
جوئین اسکی اور پر منہ اسکے کے پس فرمایا کیا ایذا دیتی ہین تجہہ کو جوئین تیری کہا
ہان فرمایا مونڈ ڈال سر اپنا اور کہلا بقدر فرق کے چہہ مسکینون کو یا روزہ رکہہ
تین یا ذبح کر جانور لائق ذبح کرنے کے بخاری مسلم فدیہ دینے کا ذکر قرآن شریف
مین ہے روزہ یا صدقہ یا ذبح روزے رکہے تو تین رکہے یا چہہ مسکینون کو
کہانا کہلاوے یا ایک بکری ذبح کرے یعنی جو چیزین احرام مین منع ہین انکے
کرنے سے یہ فدیہ لازم آتا ہے جبکہ عمداً بغیر عذر کرے ایسا شخص بالاتفاق
گنہگار ہوتا ہے اور بہول کر کرنیوالا اور جاہل اور معذور کو گناہ نہین لیکن
فدیہ دینا ہوگا روایت ہے ابن عمر سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تہے استعمال
کرتے تیل زیتون بغیر خوشبو کا حالت احرام مین ترمذی سے روایت ہے

انس سے کہا سنگی کچوائین اور وہ تھے محرم اوپر پاتون اپنے کے سبب درد کے
ابو داؤد ونسائی یعنی ضرورت کے لئے یہ کام ہوں اور شرارت اور لذت کے لئے
جائز نہیں فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ یہ جانور موذی ہیں نہیں گناہ اسپر
کہ مارے اُن کو احرام میں اور حرم میں چوہا اور کوّا ابلق اور چیل اور بچھو اور کتا
کٹکھنا اور سانپ بخاری مسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مار ڈالے
احرام والا درندہ حملہ کرنیوالے کو ترمذی ابو داؤد محرم کو اپنی بیوی سے صحبت کرنا
بوسہ لینا مساس کرنا شہوت سے چھونا حرام ہے بلکہ نظر شہوت سے دیکھنا بھی کہ کی
نہ چاہیے جماع کرنیسے حج فاسد ہو جاتا ہے دونوں میاں بیوی پر قضا و
کفارہ لازم آتا ہے روایت ہے عثمان سے کہا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہیں لائق ہے کہ نکاح کرے احرام والا اپنا اور نہیں لائق ہے کہ نکاح کرائے
احرام والا کسی کا اور نہیں لائق ہے کہ منگنی کرے احرام والا بخاری ومسلم
روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کیا میمونہ سے
اس حال میں کہ وہ احرام باندہے ہوئے تھے بخاری ومسلم عثمان وابن عباس کی

روایت کا مطلب یون ہے کہ ضرورت کے وقت احرام والا نکاح کرسکتا ہے
اور بلا ضرورت نکاح کرنا کرانا نہین چاہئے اور ضرورت یہ بھی ہے کہ اسوقت
طرفین اقراری ہین پہر کسی کے کہنے سے انکاری ہوجاوین اور دوسرا مطلب
یہ ہے کہ عثمان کی روایت مین نکاح کے معنے جماع وہم بستر کے ہین سو یہ
جائز نہین اور ابن عباس کی روایت مین نکاح کے معنے عقد یعنے ایجاب
قبول کرلے کرانے کے ہین جو جائز ہین جیسا کہ مخفی نہین ہے ماہر کتاب
وسنت پر صلی اللہ علیہ وسلم اے لوگو جو ایمان لائے ہو البتہ آزماویگا تم کو اللہ ساتھ ایک
چیز کے شکار سے کہ پہونچتے ہین اُس کو ہاتھ تمہارے اور نیزے تمہارے
تاکہ ظاہر کرے اُس شخص کو کہ ڈرتا ہے اُس سے بن دیکھے پس جو کوئی
حد سے نکل جاوے پیچھے اس کے پس واسطے اُس کے عذاب ہے درد دینے
والا یعنی جو حکم اللہ کا آتا ہے اس مین آزمایش ہوتی ہے پس ماننے والا
عامل اُس کا مسلمان ہے اور انکاری حیلہ ساز اُس کا کافر گرفتار عذاب ہے
اے لوگو جو ایمان لائے ہو مت مار ڈالو شکار کو اور تم احرام مین ہو اور جو کوئی

سلہ سورۂ مائدہ سلہ سورۂ مائدہ۔

مار ڈالے جان بوجھکر پس بدلہ اُس کا ہے مانند اُس چیز کے جو مارا ہے
جانور سے حکم کرین ساتھ اُس کے دو صاحب عدل کے تم مین سے
قربانی پہونچنے والی کعبہ تک یا کفارہ ہے کھلانا مسکینون کا برابر اس کے تا کہ
چکھے وبال کام اپنے کا یعنے احرام مین شکار کر لیا تو دو جانتے والے اسکی
قیمت مقرر کرین اور جس جگہ شکار کیا ہے اسی جگہ کی قیمت کا اعتبار ہے
اور چاہے جہان سے خریدے لیکن قربانی کعبہ مین پہونچکر ہو گی یا اس جانور کی
قیمت کے حساب سے جتنے آدمی کھا سکین کھلادے مثلاً کسی پر اونٹ قربانی
کرنا آیا یا بکری اور ملتا نہین تو اُس جانور کی قیمت کا کھانا کھلا دے اور اگر
اس کے پاس اسقدر خرچ نہیں ہے تو اس قیمت مین جتنے مسکین
کھا سکین تخمینا کرے اور اُسی مقدار برابر اُن کے روزہ رکھے یعنی
بیس آدمی کھا سکتے تھے تو بیس روزے رکھ لے یا دس کھا سکتے تھے
تو دس روزے رکھ لے۔ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے گوشت
شکار کا واسطے تمہارے بیچ احرام کے حلال ہے جبکہ نہ کیا ہو تم نے شکار

یا نہ کیا گیا ہو واسطے تمہارے ابو داؤد ترمذی یعنے احرام والے کو شکار
کرنا اور اُس مین شریک ہونا اور کہانا سب حرام ہے مگر جب کسی اور نے
شکار کیا ہے اور اچانک بے خبر حاجی کو وہ گوشت مل گیا تو کہانا اُسکا
جائز ہے حلال کیا گیا واسطے تمہارے شکار کرنا دریا کا اور کہانا اُس کا
فائدہ واسطے تمہارے اور واسطے مسافرون کے اور حرام کیا گیا واسطے
تمہارے شکار کرنا جنگل کا جب تک کہ رہو تم احرام مین اور ڈرو اللہ سے
وہ جو طرف اُس کے اکٹھے کئے جاؤ گے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ و
سلم نے بیچ حق سمندر کے کہ پاک ہے پانی اُس کا اور حلال ہے مردہ
اُس کا ابو داؤد نسائی ترمذی مسند امام احمد حنبل و ابن ماجہ و ابن خزیمہ
و ابن حبان ابن ابی شیبہ ابن جارود فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے (صَیْدُ
الْبَحْرِ) سے وہ شکار مراد ہے جو جال یا کانٹے وغیرہ سے کہنچا جاوے
اور (طَعَامُہٗ) سے وہ مراد ہے جس کو دریا مردہ کر کے پہینکدے
یعنے سورہ مائدہ مین یہ دونون لفظ اللہ نے فرمائے ہین ان کی تفسیر یہ

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کی ہے درمنثور ذخیرہ فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے ٹڈی شکار دریا کا ہے ابو داؤد ترمذی روایت
ہے حسن بصری سے کہ ایک آدمی نے شکار کیا حالت احرام میں پس
درگزر کیا اللہ تعالیٰ نے اُس سے پھر دوسری دفعہ شکار کیا پس اُتری
آگ آسمان سے پس جلا دیا اُس کو تفسیر ابن جریر پھینکا ایک شخص نے
پتھر طرف ہرن کے پس مارا اُسکو پس لایا گیا وہ شخص عمر رضی اللہ تعالیٰ
عنہ کے پاس پس حکم کیا واسطے اُس کے فدیہ کا ایک بکری حاکم روایت
ہے ابن عباس سے کہ بیچ ہر پرندے حرم کے بکری ہے ابن ابی شیبہ
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ انڈے شتر مرغ کے روزہ ہے
یا ایک مسکین کا کھانا کھلانا ابو الشیخ روایت ہے ایک آدمی انصار سے
کہ تحقیق ایک آدمی کے اونٹ نے روند دیا گھونسلا شتر مرغ کا پس
ٹوٹ گئے انڈے اُس کے پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے اوپر تیرے
بدلہ ہر انڈے کے روزہ رکھنا ہے یا ایک مسکین کا کھانا کھلانا احمد فرمایا

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مار ڈالو چھپکلی کو اگرچہ اندر کعبہ کے ہو طبرانی

فصل پانچوین دخول حرم شریف و طواف بیت اللہ و صفا و مروہ پر عمرہ پورا کرنے کا بیان حرم شریف کی حدین ہین یعنی جو راستے مکہ معظمہ سے طرف اور شہر بستیون کے گئے ہین ہر طرف کو کئی کئی میل تک ہین طرف جدہ کے حد حرم مکہ معظمہ سے دس اہیل تک ہے یہانپر دو دیوارین آمنے سامنے کئی گز چوڑی لمبی اونچی دیوارین ہین ان کے درمیان سے قافلے نکلتے ہین اور قریب ان کے کنوان ہے اور مسجد کا چبوترا ہے ذرا فاصلے سے اسپر ایک پتھر کی چھوٹی سی محراب ہے اور فی زمانا ترکونکی چونکی بھی ہے اور بکثرت زینہ ہے یہین سے حد حرم شروع ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت کچھ اداب حرم شریف کے بتائے ہین یہان کا شکار نہ کرنا درخت نہ کاٹنا اگرچہ خار دار ہو یہان کی پڑی ہوئی چیز نہ اٹھانا مگر پہچاننیکے لیے جنگ و جدال کسی طرح کا فساد نہ کرنا - روایت ہے نافع سے کہا تحقیق ابن عمر نہ آتے مکہ مین مگر رات گزارتے ذی طوی مین یہان تک کہ صبح کرتے اور نہاتے اور نماز

پڑہتے پہر داخل ہوتے مکہ مین دن کو اور جسوقت نکلتے مکہ سے گزرتے ذی طوی
پر اور رات گزارتے اُس مین صبح تک اور ذکر کرتے یہ کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم تھے
اسی طرح کرتے بخاری و مسلم روایت ہے ابن عمرؓ سے کہا تھی غسل کرتے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم واسطے دخول مکہ کے ترمذی روایت ہے عائشہؓ
سے کہا تحقیق نبی صلی اللہ علیہ وسلم جبکہ آئے طرف مکہ کے داخل ہوئے اُسمین
بلندی کی طرف سے اور نکلے پستی کی طرف سے ....

بخاری و مسلم یعنے شہر مکہ کے قریب ایک کنوان ہے اسپر اونٹ پانی
پیتے این یہان کے پانی کہینچنے والونکو دو آنے دینے سے بخوبی غسل
ہوسکتا ہے اور اس کے پاس پانی چاہ وغیرہ بیچنے والون کی جہونپڑیان ہین
اور کچھ خوف نہین ہے اس سے تہوڑے آگے چل کر دو راستہ ہین بائین
طرف کو جو راستہ ہے یہ شہر کے باہر باہر معلی ہین ہو کر مکہ کو آیا ہے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم اسی راستہ سے داخل ہوئے تھے جب مدینہ منورہ سے
حج کو آئے تھے دوسرا راستہ جو داہین طرف کو ہے یہ شہر مکہ کے اندر کو آتا ہے

اب حاجی اسی سے آتے ہین اسی سے جاتے ہین اور رسول اللہ ﷺ کی طرف سے
داخل ہوئے اور جس راستہ سے حاجی نکلتے ہین اسی سے نکلے تھے اور
اگر حاجی ﷺ کی طرف سے داخل نہ ہو سکے تو یون کرے کہ پہلے حرم کا باب
ابراہیم ملتا ہے اس سے داخل نہو اور سیدھا بازار حرم کے دالانون کے
پیچھے سے چلے اور باب ابراہیم سے گیارہوان دروازہ دالانون کا باب
نبی ہے اور بارہوان دروازہ باب ﷺ ہے انہین سے داخل ہو کر باب
بنی شیبہ پر آئے یہ بیت اللہ کے سامنے کمانی دار دروازہ ہے اس کے سامنے
مقام ابراہیم ہے اس سے آگے بیت اللہ کا کونا جسپر حجر اسود ہے اسپر سیدھا
پہونچے اور یہ جو آجکل حاجی معلم صاحب کے مکانپر ٹھہر کر دعوت کھا کر کوئی رات
کو کوئی کل کو عمرہ کرتے ہین یہ سنت نہین ہے ان کو یون چاہیے کہ معلم صاحب کے
سپرد بستر بوریہ وغیرہ کر دین اور آپ سیدھے حرم شریف کو جا کر عمرہ پورا کرین
اگر کر سکتے ہین ورنہ معلم صاحب کو ہمراہ لیجاوین اور بوریہ بستر وغیرہ کا سوائے
نقد کے کچھ اندیشہ نہ کرین کیونکہ ہمنے تجربہ سے معلوم کیا ہے کہ معلم صاحب

مکہ معظمہ کے اکثر امین ہین روایت ہے عروہ سے کہ تحقیق اول چیز کہ شروع
کیا ساتھ اُس کے رسول اللہ نے اُسوقت کہ آئے مکہ مین یہ تھی کہ وضو کیا
پھر طواف کیا پھر کیا ابو بکر و عمر و عثمان نے مانند اس کے بخاری مسلم جابر بن
عبد اللہ نے کہا ہم داخل ہوئے مکہ مین پہر دن چڑھے پس آئی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم دروازہ مسجد پر اپنی سواری کو بٹھایا مسجد مین آئے پہر حجر اسود
کو چہوا دونون آنکھون سے آنسون بہے تین بار رمل کیا چار بار چلے اپنی چال کہ
پہر حجر اسود کو بوسہ دیا دونون ہاتھ اُسپر رکھے وے پہر ہاتھ منہ پر پہیرے
بیہقی یہ حدیث صحیح ہے یعنی قدیم دروازہ مسجد کا باب بنی شیبہ ہے یہ بیت اللہ
کے سامنے کے رخ ہے اور بغیر دیوارون کے کمانی دار دروازہ ہے
اُس دروازہ سے داخل ہو کر سیدہا حجر اسود پر آوے پہر حجر اسود کے ساتھ
وہی کام کرے جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا روایت ہے ابن عباس
سے کہے لبیک کہے مقیم یا عمرہ کرنیوالا یہان تک کہ بوسہ دیوے حجر اسود کو
ابو داؤد یعنی مکہ کا رہنے والا عمر کری یا باہر کا عمرہ کرنیوالا ہو دونون کو لبیک

کہنی چاہئے پہونچنے حجراسود تک روایت ہے ابن عمر سے کہا تھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم جس وقت طواف کرتے بیچ حج کے یا عمرہ کے اول آتے تین
جلدی چلتے تین بار اور چلتے اپنی چال پر چار بار بخاری مسلم روایت ہے ابن
عباس سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اصحاب اُن کے نے عمرہ
کیا جعرانہ سے پس جلدی چلے بیچ طواف خانہ کعبہ کے تین بار اور کیا چادرون
اپنی کو نیچے بغلون اپنی کے پہر ڈالا اُن کو اپنے بائین مونڈہے پر ابو داؤد روایت ہے
یعلی بن اُمیہ سے کہا تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کیا خانہ
کعبہ کا اضطباع کئے ہوئے ساتھ چادر سبز کے ترمذی ابو داؤد دارمی اضطباع اس کو
کہتے ہین کہ چادر کو بغل کے نیچے داہین طرف سے نکال کر بائین مونڈہے پر
ڈال لے اور اکڑ کر لپکتا ہوا چلے یہ بھی ایک علامت ہے شجاعت کی روایت ہے
ابن عمرؓ سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حجراسود کی طرف منہ کر کے اپنا
رخسارہ مبارک اُسپر رکھ دیا دیر تک روتے رہے پھر پھر کر دیکھا عمر بھی رو رہے تھے فرمایا
اے عمر یہ جگہ آنسو بہانے کی ہے ابن خزیمہ و ابن ماجہ و حاکم روایت ہے ابن عمر سے

کہا چلنے تھے تین بار بیچ طواف کے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجر اسود سے تا حجر اسود
اور چلے موافق چال اپنی کے چار بار مسلم یعنے جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اور اصحاب مکہ سے مدینہ کو ہجرت کر کے چلے گئے پہر عمرہ کرنے آئے تو بیٹھے مشرکین
مکہ دیکھنے کو اور کہا کہ دبلا کر دیا ان کو مدینہ کی بھوک نے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے صحابہ سے کہ اسطرح سے اکڑ کر چلو یہ مشرکین کو دکھانا تھا اللہ کے
واسطے سو اس لئے اللہ پاک نے اس کو ارکان حج مین کر دیا۔ روایت ہے
ابو الطفیل سے کہا دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہ طواف کرتے
خانہ کعبہ کا اور اشارہ کرتے تھے طرف حجر اسود کے ساتھ لکڑی کبڑی کے کہ
تھی آپکے ہاتھ مین اور بوسہ دیتے تھے اس لکڑی کو مسلم روایت ہے ابن عباس
سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف کیا خانہ کعبہ کا اونٹ پر
جب آتے حجر اسود پر اشارہ کرتے طرف اسکے ساتھ ایک چیز کے کہ ہاتھ مین
تھی اور اللّٰہُ اکبر کہتے بخاری روایت ہے ابن عمر سے کہا نہین چھوڑا
ہمنے ہاتھ لگانا ان دونون رکنون کا رکن یمانی اور حجر اسود کا بھیڑ مین اور

نہ غیر بہتر ہین جیسا کہ دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہاتھ لگاتی تھے
بخاری مسلم کہا نافع نے دیکھا مینے ابن عمر کو ہاتھ لگاتے تھے حجراسود کو اور
بوسہ دیتے تھے ہاتھ اپنے کو اور کہا نہین چھوڑ لینے اُس کو جیسا کہ دیکھا مینے
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو کرتے ہوئے بخاری مسلم روایت ہے ام سلمہ سے
کہا شکایت کی مینے طرف رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے کہا کہ تحقیق مین بیمار
ہون پس فرمایا طواف کر تو باہر باہر لوگونسے اس حال مین کہ تو سوار ہو پس
طواف کیا مینے بخاری مسلم فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے طواف گرد کعبہ کے
مانند نماز کے ہے مگر تم بولتے ہو اُس مین پس جو کوئی بولے اُس مین نہ بولے
مگر ساتھ نیکی کے ترمذی نسائی یعنے طواف مثل نماز کے ہے لیکن نماز مین
بات کرنی منع ہے طواف مین جائز مگر ضرورت کے وقت اور نیک بات
روایت ہے ابن عمر سے کہا نہین دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو
سوائے اس کے کہ ہاتھ لگاتے تھے خانہ کعبہ کو مگر دو رکنون کو کہ جانب
یمن کے ہین بخاری مسلم یعنی رکن یمانی و حجراسود کو روایت ہے عابس بن

ربیعہ سے کہا دیکھا مینے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو کہ بوسہ دیتے تھے حجر اسود کو
اور کہتے تھے تحقیق البتہ مین جانتا ہون کہ تو ایک پتھر ہے نہ نفع پہونچا سکتا
ہے نہ ضرر اور اگر نہ دیکھا ہوتا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بوسہ دیتے
ہوئے تو نہ بوسہ دیتا مین تجھہ کو بخاری مسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اے اولاد عبد مناف کی نہ منع کرو کسی کو کہ طواف کرے خانہ کعبہ کا اور نماز پڑہے
جس وقت چاہے رات کو یا دن کو ترمذی نسائی ابو داؤد یعنے سورج نکلتے
اور ٹہیک دو پہر کو اور سورج ڈوبتے وقت نماز پڑہنا منع ہے مگر خانہ کعبہ اور ہر جمعہ
دن جمعہ کے ٹہیک دوپہر کو جائز ہے عطا نے کہا کہ جو شخص طواف کرتا ہو اور
جماعت کہڑی ہو جاوے یا اوس کی جگہ سے دور کر دیا جاوے تو بعد سلام پہیرنے کے
اُسی جگہ سے شروع کرے جہان سے چہوڑا ہے بخاری کہا جندب نے سنا مینے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرماتے تھے نہین نماز بعد صبح کے یہانتک
کہ نکلے آفتاب اور نہین نماز بعد عصر کے یہان تک کہ غروب ہو آفتاب
مگر مکہ مین احمد و رزین روایت ہے ابن عباس سے کہ پڑہی دو رکعتین

سامنے کعبہ کے اور فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ہے قبلہ بخاری
یعنے اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ جب نماز پڑھے بیت اللہ کے باہر
یا بیت اللہ کے اندر یا حطیم مین تو اسی رخ سے پڑھے جس رخ اس حدیث
مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تعلیم کیا ہے اور جگہ نہ ملے تو اور بات
ہے لیکن جہان تک جگہ ملے تو نماز بیت اللہ کے سامنے ہی پڑھے مقام
ابراہیم کے آگے پیچھے باب بنی شیبہ کے پیچھے بحری مین دالانون مین
جب رخ پر جگہ نہ ہو تو قریب بیت اللہ سے دائین بائین پشت پر بحری مین
دالانون مین جہان جگہ ملے پڑھے۔ بیت اللہ کی داخلی کرنا ارکان حج
نہین ہے مگر حسنات ہین جب بیت اللہ کے اندر داخل ہو دروازہ سے سیدھا
چلکر دیوار پشت سے لپٹ کر اللہ کی بڑائیان کرے اور دعا مانگے استغفار
کرے۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب بیت اللہ مین داخل ہوئے تو ہر کونہ
مین اللہ کی بڑائیان کین اور استغفار کی اور دعا مانگی اور نماز پڑھی
اسطرح کہ ایک ستون بائین کیا اور دو ستون دائین طرف اور تین ستون

پیچھے اور دو رکعت نماز پڑہی پہر نکل آئے بخاری یعنے اُسدن کعبہ چہہ
ستون پر تہا اب تین پر ہے روایت ہے جابر سے کہ جس وقت ہم آئے
نزدیک خانہ کعبہ کے ساتھ رسول اللہ کے تو بوسہ دیا حجر اسود کو پہر جلدی سے چلے
تین بار اور چار بار اپنی چال پر پہر آگے بڑہے طرف مقام ابراہیم کے یعنے
پورے سات پہیرون کے بعد پہر پڑہی یہ آیت وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ
اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى ترجمہ اور پکڑو تم مقام ابراہیم کو جگہ نماز کی پہر کیا
مقام ابراہیم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان اپنے اور درمیان
خانہ کعبہ کے اور ایک روایت مین ہے کہ پڑہا رسول اللہ نے دو رکعت
مین قل یا ایہا الکافرون اور قل ہو اللہ پہر پہرے طرف حجر اسود کے پس
بوسہ دیا اُس کو پہر نکلے دروازہ مسجد سے طرف صفا کے یعنے مقام
ابراہیم سامنے بیت اللہ کے ہے اسپر چہوٹی سی بارہ دری بنی ہے اُمین
پیتل کی جالیان ہین اس کے پیچھے قریب ہی باب بنی شیبہ بغیر دیوار کے
کمانی دار دروازہ ہے جب اس سے باہر آوے تو دائین طرف کو

دالانون مین پانچ درکا دروازہ ہے آجکل اسی کو باب صفا کہتے ہین اس سے نکل کر
سامنے کو سیدھا چلے چند قدم پر تین درکا دالان ہے بغیر چہت کہ اسی کی پیشانی پر
آیت ان الصفا لکہی ہوئی ہے اس دالان کے اندر ذرا سا پہاڑ صفا کا کونا کہلا
ہوا ہے اور باقی سب پہاڑ گہرون مین دب رہا ہے روایت ہے جابر سے
پس جب نزدیک ہوئے صفا کے پڑہی یہ آیت (اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ
مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ) ترجمہ تحقیق صفا اور مروہ نشانیون اللہ کی سے ہین پہر فرمایا
(اَبْدَأُ بِمَا بَدَأَ اللّٰهُ بِهٖ) شروع کرتا ہون مین ساتھ اُس کے
کہ شروع کیا ساتھ اُس کے اللہ نے پس چڑہے صفا پر یہان تک کہ دیکہا خانہ
کعبہ کو پہر سامنے ہوئے بیت اللہ کے پس عار کی ساتھ لا الہ الا اللہ کے آخر تک
کہا مانند اس کے تین بار پہر اُترے صفا سے اور چلے طرف مروہ کے یہانتک کہ
پہونچے قدم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بیچ نشیب میدان کے پہر دوڑے
یہانتک کہ جب چڑہنے لگے دونون قدم رسول اللہ کے آہستہ چلے یہانتک
کہ آئے مروہ پر پہر کیا مروہ پر جو کیا تہا صفا پر یہان تک کہ جب ہوا آخر پہیرا

مروہ پر پس حلال ہوئے لوگ سب اور کترائے بال اپنے مگر نبی صلی اللہ علیہ وسلم اور
وہ لوگ کہ تھی اُن کے ساتھ ہدی نہ حلال ہوئے سلم یعنی دالان کے اندر جو
صفا پہاڑ کا کونہ ذرا سا کہلا ہوا ہے اُسپر چڑھکر رو بقبلہ کہڑا ہو تو سامنے دالان کے
اوپر سے ذرا سی منڈیر بیت اللہ کی دکہتی ہے یہان کہڑے ہو کر دونون ہاتھ اُٹھا کر
اس طرح دعا کرے کہ لا الہ الا اللہ آخر تک پڑہکر جو چاہے دعا مانگے پہر اسی کلمہ
کو پڑہے پہر جو چاہے دین دنیا کی دعا مانگے پہر اسی کلمہ کو پڑہے پہر اپنے لئے
وا قارب اور مسلمانون کے لئے دعا مانگے پہر مُنہ پر ہاتھ پہیرے پہر اترے صفا سے
دعا پڑہتا ہوا اور چلے طرف مروہ کے صفا سے تہوڑی دور پر بیچ صفا مروہ کے
درمیان نالہ تھا جب اُس نالہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پہونچے تو دوڑ کر
چلے اب یہان ہموار زمین بازار ہے اُسی نالہ کے حساب سے چار پتھر گاڑ دئے
ہین صفا کے دالان سے چند قدم پر داہنی طرف کو شریف صاحب کے مکان سے ایک
پتھر کہڑا ہے اس پر کچھ لکھا اور ہرا رنگا ہوا ہے اور سامنے بائین طرف کو حرم کی
دیوار سے دوسرا پتھر کھڑا ہے اور اسی طرح آمنے سامنے چند قدم پر دو پتھر اور

ہین ان کے درمیان مین دوڑ نا چاہئے لیکن ایسا نہ دوڑین جیسا آج کل جاہل کرتے ہین کہ ایک دوسرے کو دھکے دیتے بھاگتے پھرتے ہین روایت ہے قدامہ ابن عبد اللہ بن عمار سے کہا دیکھا مینے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو سعی کرتے ہوئے درمیان صفا مروہ کے اونٹ پر نہ مارنا تھا نہ ہانکنا اور نہ تھا کہنا ہٹو بچو شرح السنہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین مقرر کیا گیا مارنا سنا رو لکا یعنی منا مین جمرون کا اور پہرنا درمیان صفا مروہ کے مگر واسطے یاد اللہ کے ترمذی دارمی **فصل چھٹی** حاجی قبل حج و بعد حج مکہ معظمہ مین کیا کرے اور زیارت تینون مساجد وغیرہ کا بیان حدیث مین ہے کہ یہ امت ہمیشہ خیر سے رہے گی جب تک تعظیم حرمت مکہ کی پوری پوری کرتی رہے گی جب اُس کو ضائع کریگی تو ہلاک ہوجاوے گی ابن ماجہ مکہ معظمہ کے بہت سے آداب ہین ایک ادب مکہ معظمہ کا یہ ہے کہ جو کوئی یہان رہے یا اس جگہ کا مجاور بنے اُس کو چاہیے کہ اپنے آپ کو حاضر بارگاہ عالم پناہ شاہنشاہ آسمان و زمین سمجھکر اس زمین کا نہایت ہی ادب بجا لاوے حتے الامکان دل مین کسی گناہ کا خطرہ بھی

نہ آنے دے یہ ادب تو زمین مکہ کا ہے پھر جو کوئی خاص مسجد الحرام کے اندر ہے
اُس کو تو اور بھی زیادہ ادب درکار ہے خصوصًا اُس شخص کو جو طواف کر رہا ہے
یا نماز پڑھ رہا ہے اُس کو تو چاہئے کہ دل سے وسواس وخطرات بھی نہ سمجھے
اور جس سے یہ ادب نہو سکے اُس کو مکہ مین رہنا ہی کچھ ضرور نہین اور ایک ادب
مکہ معظمہ کا یہ ہے کہ جبتک مکہ مین رہے گھر بار وطن کو زیادہ یاد نہ کرے اللہ کے
دربار مین حاضر ہو کر غیر اللہ کو یاد کرنا صریح دلیل غفلت کی ہے اور ایک ادب
مکہ معظمہ کا یہ ہے کہ مکہ مین رہکر عمدہ عمدہ کپڑے اچھی اچھی خوشبو کا استعمال نہ کرے
کیونکہ یہ جگہ اظہار زینت وتفاخر کی نہین بلکہ محل عاجزی ومسکینی کا ہے اور ایک
ادب مکہ معظمہ کا یہ ہے کہ بھوکے کو کہلاوے پیاسے کو پانی پلاوے ننگے کو
پہناوے کسی مسلمان کو برا نہ کہے اپنے آپکو بہتر نہ سمجھے اپنی عبادت پر غرور نکرے
کم کہاوے کم سوئے طواف بہت کرے اور جب مسجد الحرام مین بیٹھے تو
بیت اللہ کے سامنے بیٹھنا بہتر ہے اور منھ طرف کعبہ ہی کے رکھے قریب
بیٹھے اور اُس کو دیکھا کرے یہ دیکھنا عبادت بلکہ ایمان ہے اور مکہ معظمہ مین

ایسے محل ہین جہان دعا قبول ہوتی ہے طواف مین حجر اسود پر رکن یمانی پر ملتزم مین اندر کعبہ کے آدھی رات کو نیچے میزاب کے دوپہر کو پاس زمزم کے وقت غروب کے مقام ابراہیم کے پیچھے پشت کعبہ پر دونون رکنون کے بیچ مین یعنے رکن یمانی و حجر اسود صفا پر مروہ پر درمیان صفا مروہ کے سعی مین عرفات مین مزدلفہ مین مشعر الحرام کے اندر منا مین جمرون کے پاس + بعض سلف اپنے غلامون سے کہتے جب آتے ملتزم مین تم ذرا ہٹ جاؤ مین اپنے رب کے سامنے اقرار اپنے گناہون کا کرون گا ملتزم وہ جگہ ہے جو کہ حجر اسود اور بیت اللہ کے دروازہ کی چوکھٹ کے درمیان مین ہے یہ جگہ دعا کی بڑی قبولیت کی ہے کما فی الفصاح الحجہ وغیرہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ نے کہا ہے کہ ان دو رکن کے سوا رکن یمانی و حجر اسود کسی رکن یا مقام ابراہیم یا سارے جہان کی مساجد یا مقابر انبیا و صلحا و حجرات جن مین وہ عبادت کرتے تھے یا صخرا بیت المقدس کا ہاتھ سے چھونا چومنا چاٹنا بالاتفاق درست نہین رہا طواف کرنا ان جگہون کا سو یہ تو بالکل حرام و بدعت ہے ایسے آدمی سے توبہ کراوین اگر نہ کرے تو فی الفور اس کو قتل کر ڈالین

روایت ہے انس سے کہا عمرے کئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے چار سب
ذیقعدہ مین تھے مگر وہ عمرہ کہ تھا ساتھ حج اُنکے کے ذی الحجہ مین بخاری مسلم لیعنی
اس سے معلوم ہوا کہ حج کے دنون مین عمرہ کرنا افضل ہے اس لئے کہ مشرکین
مکہ نے حج کے دنون مین عمرہ کرنیسے منع کر رکھا تھا کہ سفر حج الگ کرد اور
سفر عمرہ الگ کردتا کہ ہر سفر مین حاجی معتمر سے کچھ لیوین مسئلہ رمضان مین
عمرہ کرنا صحیح حدیثون سے ثابت ہے اور بڑا اجر رکھتا ہے اور عمرہ کے لئے
وہی میقات ہین جو حج کے لئے ہین جیسا کہ صحیحین مین ہے کہ احرام باندہین مکہ والے
مکہ سے اور جن صحابہ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ حج کیا تھا انمین
سے ایسے بھی تھے جنہون نے بعد حج کے خود مکہ ہی سے عمرہ کیا تھا باہر نہ گئے تھے
مگر عائشہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کا جی خوش کرنیکو ہمراہ اُنکے
بھائی عبد الرحمان کے ساتھ تنعیم کو بھیدیا تھا سو یہ کچھ ایسی دلیل نہین ہے مروی ہے
علی رض سے کہ آپ عمرہ کرتے تھے ہر مہینہ مین ایک بار مسند شافعی روایت ہے
جعفر سے کہا علی نے عمرے کر بیچ ہر مہینہ کے جتنے کی تجھے طاقت ہو زاد

المعاد روایت ہے انس سے کہ تھے جب بڑھتے بال سر اُن کیکے تو نکلتے طرف
تنعیم کے اور احرام باندہتے عمرہ کا سعید بن منصور یعنے مسئلہ یہ ہے کہ عمرہ
تمام سال بلا کلام جائز ہے اور جہان کہین ہے وہین سے احرام باندہے یہ
بہتر ہے اور امن ہو تو تنعیم جانا بھی مباح ہے تینون مسجدون کی زیارت
وغیرہ کا بیان فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہ باندہو تم کجاؤن کو یعنے
سامان سفر نہ کرو مگر طرف تین مسجدون کے مسجد الحرام اور مسجد اقصیٰ اور مسجد نبوی
بخاری مسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز مسجد میری مین کہ یہ ہے
بہتر ہے ہزار نماز سے اور مسجدون سے سوائے مسجد الحرام کے بخاری مسلم
یعنے ان مساجد کے سوا سفر کرنا کسی جائے کے لئے جائز نہین کیسی قبر ہو یا
مکان کوئی شہر ہو یا بستی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے درمیان گہر
میرے کے اور منبر میرے کے ایک باغ ہے باغون بہشت کے سے
اور منبر میرا اوپر حوض میرے کے ہوگا بخاری ومسلم روایت ہے ابن عمرؓ سے
کہا تھے نبی صلی اللہ علیہ وسلم آتے مسجد القبا ہر ہفتہ مین پیادہ بھی اور سوار بھی
پس نماز پڑہتے اُس مین دو رکعت بخاری مسلم جو کوئی گہر سے اچھی طرح وضو
کرکے اس مسجد مین نمازی کے لیئے آیا (مسجد القبا کو) اس کو اجر ایک عمرہ کا

ملتا ہے سند اسکو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ حرام ہے درمیان عیر کے
ثور تک پس جو شخص کہ پیدا کرے مدینہ مین بدعت یا جگہ دے بدعتی کو پس اسپر ہے
لعنت اللہ کی اور فرشتون کی اور سب آدمیون کی نہین قبول کیے جاتے اس کے
فرض اور نہ نفل بخاری مسلم جو کوئی مسلمان متبع سنت طرف مدینہ کے سفر کرے
تو نیت زیارت مسجد نبوی کی ہو کیونکہ حدیث صحیح مین مسجد کی زیارت کا ذکر ہے
اور کسی حدیث صحیح مین سفر زیارت قبر کا ذکر نہین اور وہ کون ایسا مسلمان ہے
جو مدینہ منورہ مسجد نبوی مین پہونچکر آپ کو زیارت مرقد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
سے محروم رکھے گا ایسے بدنصیب سے ہی کوئی اور زیادہ کمبخت بدبخت نالایق کم ظرف
نابکار ہوگا استغفر اللہ ثم استغفر اللہ جب داخل مدینہ منورہ ہو تو پہلے مسجد نبوی
مین آکر دو رکعت نماز پڑہے پہر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے دونون
اصحاب پر سلام کرنے اس لئے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے
جب کوئی مسلمان متبع سنت مجہپر سلام کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ میری روح کو پہیر دیتا ہے
ابو داؤد ابن عمر جب مسجد نبوی مین آتے کہتے السلام علیک یا رسول اللہ السلام علیک
یا ابا بکر السلام علیک یا ابت پہر چلے آتے اسیطرح سارے صحابہ کیا کرتے
تہے اگر سلام کے ساتھہ درود بھی بہیجے تو اور بھی اچہا ہے اس لئے کہ درود پہنچنے کا

حکم ہوا ہے یہ سلام درود یون کہڑا ہو کر پڑہے کہ قبلہ کی طرف پشت ہو اور حجرہ کی
طرف منہ کرکے لیکن حجرہ کا ہاتھ سے چہوتا یا بوسہ لینا یا طواف کرنا یا ادہر ادہر نماز
پڑہنا یا حجرہ کی طرف کہڑے ہو کر دعا مانگنا بالاتفاق منع ہے مسجد نبوی مین چیخنا چلانا
سخت مکروہ ہے اور بڑی بے ادبی اور یہ جو بعد نماز کے سلام یا رسول اللہ کے نعرہ
مارتے ہین یہ بہی خلاف شرع ہے سلف مین یہ کام کسی نے نہین کیا حسن بن حسن نے
ایک مرد کو دیکہا کہ بار بار مرقد نبوی پر جاکر دعا کرتا ہے کہا اے شخص رسول اللہ نے
فرمایا ہے میری قبر کو عیدگاہ نہ بناؤ جہان سے چاہو مجہپر درود بہیجو تمہارا درود مجھکو پہونچتا ہے
سو تو اور وہ شخص جو اندلس مین ہے دونون برابر ہو اسی لئے سلف صالحین جب
مسجد نبوی مین آتے یہی کام کرتے سلام درود پڑہنا پڑہانا قرآن حدیث کا اور بعد زیارت
مسجد نبوی اور مرقد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زیارت بقیعۃ الغرقد کرے
کہ اس مین بہت صحابہ و تابعین و ازواج مطہرات مدفون ہین ایک سے ایک بہتر
ان کی زیارت اس طرح سمجہے کہ اسی احاطے حلقے مین یہ لوگ ہین اور قبر کسی
ایک کی معین نہین کہ یہ ہے یا یہ ہے کیونکہ یہ پہر دوبارہ بنائی گئی ہین لیکن
یہ بات ضرور ہے کہ یہ بزرگ یہین مدفون ہین جب زیارت غرقد سے فارغ
ہو تو شہداء احد حمزہ وغیرہ کی زیارت کرے اور مسجد قبا کی بہی زیارت کرے کہ

اس کو ہر ہفتہ مین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جاتے تھے اور دو رکعت نماز پڑھتے
تھے اور مسجد قبا کے قریب کنوا اریس ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
اس مین تھوکا تھا اور اسی مین مہر نبوت ہات سے عثمان کے گم ہوگئی تھی وہان
جاوے اُس مین سے پانی پیوے اور مسلمان اہل مدینہ کو نظر تعظیم وتکریم ومحبت سے
دیکھے چونکہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پڑوسی وہمسایہ ہین حرم مدینہ کی کوئی
چیز اپنے ہمراہ باہر نہ لے جاوے مٹی ہو یا پتھر اور جب مدینہ منورہ سے روانہ ہو تو
مسجد نبوی مین دو رکعت نماز پڑہکر رخصت ہو یہ نماز مصلی رسول اللہ پر پڑھے اور
پہچان اس مصلی کی یہ ہے کہ فی زمانہ یہان مصلی شافعی ہے اور بہت سے بڑے
بڑے قرآن یہان رکھے ہین اور یہی وہ جگہ ہے کہ جس کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
جنت کا باغ فرمایا ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو کوئی مدینہ کی تکلیف
ومشقت پر ثابت رہے گا مین قیامت کے دن اُس کا شفیع وشاہد ہون گا مسلم فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اول شفاعت کرون گا اپنی امت سے مدینہ والونکی پہر
مکہ والونکی پہر طائف والون کی طبرانی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو شخص
کہ طاقت رکہے یہ کہ مرے مدینہ مین پس چاہیے کہ مرے مدینہ مین پس تحقیق مین
شفاعت کرون گا واسطے اُس شخص کی کہ مرے مدینہ مین احمد وترمذی یعنے وہ شخص

جو جینا رہا ساتھ توحید و اتباع کے کہین تھا پھر مرا مدینہ مین ساتھ توحید و اتباع کے
یہ شخص شفاعت کا مستحق ہے اگرچہ ہا اللہ نے اور بدعتی مشرک اگر حرم مکہ مین یا
بیت اللہ کے اندر ہی کیون نہ مرے یا حرم مدینہ مین یا مدینہ منورہ مین یا مرقد
رسول اللہ کے اندر ہی مرے تو بھی اُس کے لئے شفاعت کا کچھ پتہ نہین

فصل ساتوین آٹھہ ذی الحجہ کو طرف منا کے جانا و عرفات و مزدلفہ کا بیان

روایت ہے جابر رضی اللہ تعالی عنہ سے پس جبکہ ہوا دن ترویہ کا (آٹھہ ذی الحجہ)
متوجہ ہوئے طرف منیٰ کے پس احرام باندہا حج کا صحابہ نے اور سوار ہوئے نبی صلی اللہ
علیہ وسلم پھر پہونچے منا مین پس نماز پڑہی منا مین ظہر اور عصر اور مغرب اور عشار
اور فجر کی (نو) کو پھر ٹہرے رہے تہوڑی سی دیر یہان تک کہ نکلا آفتاب اور
حکم کیا ساتھ خیمہ کے کہ کہڑا کیا جاوے رسول اللہ کے لئے وادی نمرہ مین پھر چلے
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مسلم روایت ہے عائشہ سے کہا ہمنے یا رسول اللہ
کیا نہ بنادین ہم آپکے لئے مکان کہ سایہ کرے آپ کو منا مین فرمایا نہین منا جگہ ہے
بٹھانے اونٹ اُس شخص کے کہ پہلے پہونچے ترمذی ابن ماجہ دارمی یعنی منا پڑاؤ ہے
حاجیون کا جو جس جگہ پہلے اتر گیا وہ اُس جگہ کا مستحق ہے اُس کا اٹھانا کسی کو
جائز نہین اور اب منا مین مکان بن گئے ہین اشرفیون کے کرائے ہوتے ہین

اور ان مکانون کے پیچھے احاطے مین ان مین حاجی ٹہرتے ہین لیکن کچھ نہ کچھ کرایہ ضرور
لیا جاتا ہے یہ کرایہ لینا دینا جائز نہیں مگر حاجی عقل کے دشمن دین کے خالی مکانون
ہی مین ٹہرتے ہین اور کرایہ بہرتے ہین اور منا بہت بڑا میدان ہے کہین ٹہرے
کچھ خوف نہین لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وادی خیف مین ٹہرے تھے
اب وہ جگہ مسجد خیف سے مشہور ہے اور مسجد کے احاطہ کے اندر ایک قبہ بنا ہے
اسکو مصلی نبی کہتے ہین واللہ اعلم غرض کہ حاجی منا مین کہین ٹہرے لیکن نماز مسجد
خیف ہی مین پڑہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ اور محدثین کا یہی طریقہ تھا
اور منا سے دہوپ پہیلنے کے بعد طرف عرفات کے چلے روایت ہے محمد بن
ابی بکر ثقفی سے یہ کہ انھون نے پوچھا انس بن مالک سے اس حال مین کہ
وہ دونون جاتے تھے صبح کیوقت منا سے طرف عرفات کے کسطرح کرتے
تھے تم اسدن مین ہمراہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پس کہا انسنے لبیک
کہتا تھا ہم مین سے لبیک کہنے والا پس نہ انکار کیا جاتا تھا اور تکبیر کہتا تھا
تکبیر کہنے والا اور نہ انکار کیا جاتا تھا اسپر بخاری مسلم یعنے جب منا سے عرفات
کو چلے تو لبیک و تکبیر پکارتا ہوا چلے اور عرفات مین لبیک و تکبیر و دعا مین
مشغول رہے حدیث مین ہے عرفہ کے دن روزہ نہ رکہے گو طاقت روزہ رکہنے کی

روایت ہے جابر سے پس گزرے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ مین سے
یہانتک کہ آئے (میدان) عرفات مین پس پایا خیمہ کہ کہڑا کیا گیا تھا رسول اللہ
کے لئے نمرہ مین پس . . . .
اُترے اُس مین یہانتک کہ جب ڈہلے دوپہر حکم کیا ساتھ لانے سواری کے پہر
آئے رسول اللہ اندر وادی نمرہ کے پہر خطبہ فرمایا روبرو لوگون کے پہر اذان دی بلال
نے پہر تکبیر کہی پہر پڑہی نماز ظہر کی پہر تکبیر کہی پہر پڑہی نماز عصر کی پہر نہ پڑہا درمیان
ان دونون کے کچھ پہر سوار ہوئے یہانتک کہ آئے میدان عرفات مین ٹہرنیکی
جگہ پس کیا پیٹ اپنی اونٹنی کا طرف پتھرون کے اور کیا جبل مشاۃ کو آگے اپنے
اور سامنے ہوئے قبلہ کے پس ہمیشہ رہے کہڑے یہانتک کہ غروب ہوا آفتاب
مسلم جبل رحمت جو پہاڑی عرفات مین مشہور ہے اس سے مشرق کی طرف کو
بڑے بڑے کالے پتھرون کے ٹول پڑے ہین اس کے بعد مشرق کیطرف کو
بڑا میدان ہے یہین رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حجۃ الوداع مین کہڑے ہوئے
تھے اور تمام عرفات مین صحابہ حاجی لوگ قریب ایک لاکہہ چوبیس ہزار کے تھے
اور در منثور مین ہے کہ موسیٰ علیہ السلام کو تجلی نور الٰہی اسی میدان مین ہوئی تھی
کہا زید بن شیبان نے کہ تھے ہم ٹہرے ہوئے دور امام سے پس آئے

ربیعہ انصاری کہا تحقیق مجھے بھیجا ہے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف
تمہارے فرماتے ہین واسطے تمہارے کہ ٹھہرے رہو اور جگہ عبادت اپنی کے
پس تحقیق تم ہو اوپر میراث کے میراث باپ اپنے کے کہ ابراہیم علیہ السلام ہین
او نہیں سلام ترمذی ابو داؤد یعنی عرفات بھر مین کہین کھڑا ہو جاوے وہ حاجی ہے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حج عرفات ہے جس نے پایا کھڑا ہونا عرفات
کا رات مزدلفہ کی مین پہلے صبح صادق کے پس تحقیق پایا اُس نے حج ترمذی
نسائی ابوداؤد ابن ماجہ دارمی یعنے یہ اُس حاجی کیلئے ہے جو رستہ بھول گیا
یا سواری بھاگ گئی یا اور کوئی ایسا سبب ہو گیا حاجی کو جبل رحمت پر چڑھنا
اور اُسپر جو قبہ آدم بنا رکھا ہے اس مین جانا اور وہان نماز پڑھنا سنت نہین
بلکہ اُس کو چومنا چاٹنا اور اُس کے گرد پھرنا بے اصل بلکہ گناہ مین سے ہے بڑا
مطلب حاج سے یہ کام ہے کہ جتنی کوشش بنے دعا اور مغفرت مین کرے
اپنے لئے اور ماں باپ اور اولاد اور دوست اقارب اور شیخ استاد وغیرہ اور جمیع
مسلمان کے لئے بشرطیکہ اُن کا غیر مشرک ہونا معلوم ہو اس دعا مین کسی طرح کی
کوتاہی نہ کرے کہ پھر ایسا دن ایسا وقت ایسی گھڑی ہاتھ آوے یا نہ آوے
اور دعا مین تکلبندی نہ کرے اور جو دعائین قرآن و حدیث مین آئی ہین اور

سلف صالحین و محدثین پڑہتے آئے ہین انہین پر قناعت کرے اور دعاؤن کو کر رسکر پڑہے دعا کے بیچ مین لبیک بھی کہتا رہے ایسی جگہ مین بھی دعا و استغفار و توبہ کی کوشش ہو سکے تو بڑا کمبخت ہے پھر وہ کونسا ایسا وقت آوے گا جہان یہ بدنصیب دعا کرے گا حاجت مانگے گا یہ وہ جگہ ہے جہان بڑے نصیب والے آتے ہین ورنہ سینکڑون ساری عمر ارادہ ہی کرتے رہتے مر گئے یہان جتنی دعا بن سکے کرے بعد دوپہر سے غروب تک اور کوئی حاجت مانگنے کی اٹھا نہ رکہے یا تو سبہی قبول ہونگی یا جس کو اللہ چاہے اور باقی آخرت کے لئے ذخیرہ ہونگی سمجھو تو یہ دنیا کے قبول ہونیسے بھی بہتر ہین اور دعاؤن کے اول آخر بیچ مین درود بھی پڑہتا ہے دعا کے ختم پر آمین بھی کہے اپنے گناہون کا الگ الگ اقرار کرے چپکے چپکے اپنے رب کے سامنے ہر گناہ سے توبہ کرے معافی چاہے آگے کو دل مین ارادہ بھی نہ رکہے نضال بن عباس نے لوگون کا عرفات مین رونا دیکھ کر کہا بہلا بتاؤ تو اگر یہ سب ملکر پاس ایک لدار آدمی کے جا کر ایک درہم مانگین تو کیا وہ ان کو پھیر دے گا درہم نہ دے گا کہا انہون نے ضرور دے گا کہا اللہ تعالی کا ان کو بخشدینا ایک درہم دینے سے بھی ہلکا ہے لیکن یہ جب ہے کہ دوسرے کا دل مین دھیان بھی نہ آئے سالم بن عبد اللہ نے

دیکھا ایک آدمی عرفات مین سوال کرتا تھا کہا اے عاجز اس دن بھی سوے خدا کے
غیروں سے مانگتا ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اہل جہالت
پھرتے تھے عرفات سے جس وقت کہ ہوتا آفتاب گویا کہ پگڑیان ہین مردون کے
چہرو پر پہلے غروب ہونے کے اور چلتے مزدلفہ سے بعد نکلنے آفتاب کے اُسوقت
کہ ہوتا آفتاب گویا کہ پگڑیان ہین مردون کے چہرہ پر اور تحقیق ہم نہین چلین گے
عرفات سے یہانتک کہ غروب ہوجاوے آفتاب اور چلین گے ہم مزدلفہ سے پہلی
نکلنے آفتاب کے طریقہ ہمارا مخالف ہے بت پرستون کے طریقہ کے اور شرک
کرنیوالون کے طریقہ کے بیہقی روایت ہے ابن عباس سے کہ وہ پھرے ساتھ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے عرفات سے پس سنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
پیچھے اپنے ڈانٹنا اور سختی کرنا اونٹون کو پس اشارہ کیا ساتھ کوڑے کے طرف
لوگون کے اور فرمایا اے لوگو لازم ہے تم کو آرام سے چلنا اس لئے کہ تحقیق نیکی نہین
ہے دوڑنا بخاری یعنے حج کے راستہ مین سوار ہو یا پیدل بھاگ دوڑ نہ کرے
کیونکہ اس سے ذکر الٰہی مین خلل پڑتا ہے اور جہان کہیں کشادگی ہو بغیر مارپیٹ کے
سوار پیدل تیز چلین تو گناہ نہیں روایت ہے جابر سے کہ جلدی چلے رسول اللہ
یہانتک کہ آئے مزدلفہ مین پھر نماز پڑھی اُس مین مغرب اور عشا کی ساتھ ایک

اذان اور دو تکبیر و کی (مغرب عشاء جمع کی) اور نہ پڑہی درمیان اُن دونون کے
کوئی نماز پہر لیٹ رہے (کپڑا اوڑہ کر لیٹ رہے) یہان تک کہ طلوع ہوئی
فجر پہر پڑہی نماز فجر کی اُسوقت کہ ظاہر ہوئی واسطے اُن کے فجر ساتھ اذان اور تکبیر کے
پہر سوار ہوئے اونٹنی پر یہانتک کہ آئے مشعر الحرام پر پس سامنے کہڑے ہوئے
قبلہ کے اور دعا مانگی اللہ تعالی سے اور تکبیر کہی اور بڑا ئیان کین اللہکی پس
ہمیشہ سے ہے کہڑے یہان تک کہ صبح ہوئی خوب روشن اور چلے پہلے نکلنے آفتاب
کے اور پیچھے سوار کیا فضل بن عباس کو مسلم فرمایا اللہ تعالی نے سورہ بقر مین پس
جب پہرو تم عرفات سے پس یاد کرو اللہ کو نزدیک مشعر الحرام کے اور یاد کرو اُسکو
جیسا کہ ہدایت کیا تم کو اور تحقیق تہے تم پہلے اس سے البتہ گمراہون سے یعنی
مزدلفہ ایک بڑا میدان ہے اور چارون طرف اس کے پہاڑ ہین اس میدان
مین چہوٹی سی پہاڑی قزح نام ہے اسپر ایک احاطہ بنا ہے اس مین ایک منارا ہے
اور بہی کچھہ ٹوٹی پہوٹی عمارت ہے فقہا اسی پہاڑی کو مشعر کہتے ہین اس کا ذکر قرآن
و حدیث مین ہے ایک جماعت اہل علم کا یہی مذہب ہے کہ یہان کا ٹہرنا اور دعا
نہ کرنا ایک رکن کا ضائع کرنا ہے وہم لازم آتا ہے ابن خزیمہ نے تو یہانتک
کہا ہے کہ یہ ایک رکن ہے حج کا بغیر اس کے حج تمام نہین ہوتا ۔

فصل آٹھوین مزدلفہ سے منا مین آنا اور رمی و قربانی و حلق و طواف افاضہ و طواف وداع کرکے گھر آنے تک کا بیان ہے

روایت ہے عائشہ رضی اللہ عنہا سے کہا بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ام سلمہ کو رات قربانی کے (مزدلفہ سے) پس کنکریان مارین منا سے پر پہلی فجر کے پھر چلین اور طواف کیا اور تھا یہ ایسا دن کرتے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم انکے پاس ابوداؤد یعنی باری کا دن روایت ہے ابن عباس سے کہا مین ان شخصون مین تھا کہ بھیجا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے مزدلفہ کی رات کو بیچ زمرہ ضعیفون اہل اپنے کے بخاری مسلم یعنی عورتون لڑکون ضعیفون کو مزدلفہ سے منا کی طرف رات مین بھیجدینا جائز ہے کہ وہ حاجیون کی بھیڑ سے پہلے جمرہ عقبی پر کنکریان مارلین روایت ہے ابن عباس سے کہا آگے بھیجا ہم کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منا کو رات مزدلفہ کی مین ہم کئی لڑکے تھے اولاد عبدالمطلب سے فرمایا نہ پھینکنا تم کنکریان منارے پر یہان تک کہ نکلے آفتاب ابوداؤد نسائی یعنے مزدلفہ سے رات مین چلنا ضعیف مرد عورتون کو یا عذر والون کو جائز ہے اور کنکریان بغیر سورج نکلے نہ مارین اور ام سلمہ کا قصہ خاص ہے کنکریون مین ایسی عذروالی بیوی کو جائز ہے رات مین کنکریان مارنا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بیچ شام

عرفہ کے اور صبح مزدلفہ کے لوگوں کو جس وقت کے پھرے لازم ہے تم کو چلنا ساتھ
آہستگی کے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم روکے ہوئے تھے نکیل سواری
اپنی کی یہانتک کہ آگئے وادی محسر میں اور وہ ہے قریب منا سے فرمایا اُٹھالو
یہاں سے کنکریاں برابر چنے کے ماری جاوینگی جمرہ پر روایت ہے جابر سے
چلے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مزدلفہ سے۔ یہانتک کہ آئے درمیان وادی
محسر کے پس حرکت دی سواری کو تہوڑی پھر چلے بیچ کی راہ کہ نکلتی ہے
اوپر جمرہ کبری کے یہانتک کہ آئے جمرہ کے پاس پس پھینکی اسپر سات کنکریاں
اللہ اکبر کہتے تھے ساتھ ہر کنکری کے ماری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
کنکریاں نالہ کے اندر سے پھر پھرے طرف جگہ قربانی کرنیکے پس ذبح کئے
رسول اللہ نے تریسٹھ اونٹ ساتھ ہاتھ اپنے کے مسلم یعنے یہ وادی
مزدلفہ منا کے راستہ میں ہے مزدلفہ سے دور منا سے قریب یہاں پہاڑ کا
پانی بہنے سے موٹا موٹا ریتہ ہے بجری کی قسم سنگ اس کا میلا ہورہا ہے
اندازاً چوڑائی اس وادی کی پانسو ہاتھ کے قریب ہے اور جلدی چلنے کا سبب
یہ بھی ہے کہ جب ابرہا بادشاہ ہاتھیوں کی فوج لیکر بیت اللہ ڈہانے کے ارادہ سے
آیا تھا تو ابابیلوں نے بحکم خدا اُس کو اسی وادی میں ہلاک کیا تھا اس لئے

اس وادی سے جلدی نکل جانا چاہئے کیونکہ اس میں اثر اللہ کے عذاب کا ہے
اس وادی سے تھوڑا آگے بڑا چوڑا میدان ہے یہاں سے اونٹ متفرق ہوجاتے
ہیں بہت سیدھے چلکر بازار بازار بڑے شیطان پر آجاتے ہیں اور کچھ دائیں طرف
کو پہاڑ کے قریب قریب چلے جاتے ہیں اور بیچ کا راستہ جو بازار کے پیچھاڑی ہوکر
ہے اسی راستہ سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمرہ عقبی پر آئے تھے سُنت
یہی ہے روایت ہے ام حصین سے کہا دیکھا میں نے اسامہ اور بلال کو اس حال میں
کہ ایک اُنکا پکڑے ہوئے تھا مہار نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اونٹنی کی اور دوسرا
اُٹھائے ہوا تھا کپڑا سایہ کرتا تھا گرمی آفتاب کی سے یہانتک کہ ماری کنکریاں
جمرہ عقبی کو مسلم روایت ہے جابر سے کہا پھینکیں کنکریاں رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے منارے پر دن نحر کے وقت چاشت کے اور پیچھے دن نحر کے
جس وقت کہ ڈھلے دوپہر بخاری مسلم یعنے دسویں کے دن قریب پہر پہر دن
چڑہے کے اور گیارہویں بارہویں تیرھویں کو کنکریاں مارے دن ڈھلے پہر نماز
ظہر پڑہے روایت ہے عبداللہ بن مسعود سے کہ وہ پہونچے طرف جمرہ کبری کے
پس کیا خانہ کعبہ کو بائیں طرف اپنے اور منا کو دائیں طرف اور پھینکیں سات
کنکریاں نیچے میں کہڑے ہوکر اللہ اکبر کہتے ساتھ ہر کنکری کے پھر کہا یوں ہی دیکھا

اسی طرح کیا اُس شخص نے کہ اُتری اُسپر سورہ بقر بخاری مسلم روایت ہے انس سے
کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے منا مین پس ماری کنکریان جمرہ عقبی پر پھر آئے
ٹھیرنیکی جگہ اور ذبح کی قربانی اپنی اپر بلایا سر مونڈنے والیکو اور آگے کی سر مونڈنے
والے کے داہنی طرف سر اپنے کی پس مونڈا سر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا
پھر آگے کی بائین طرف بخاری مسلم روایت ہے ابن عمر سے کہ تحقیق رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا حجۃ الوداع مین یا الٰہی رحم کر سر منڈانے والونپر کہا صحابہ نے
اور کترانے والون کے لیے بھی دعا رحمت کیجئے یا رسول اللہ فرمایا اللہ رحم کر
سر منڈانے والونپر کہا صحابہ نے اور کترانے والون کے لئے بھی دعا رحمت
کیجئے یا رسول اللہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اور کترانے والونپر بھی رحمت
کر بخاری مسلم روایت ہے ابن عمر سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منڈایا
سر اپنا حجۃ الوداع مین اور بعض صحابہ نے بھی منڈایا سر اپنا اور کترائے بال بعض
صحابہ نے بخاری مسلم فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین ہے عورتونپر
سر منڈانا سوائے اس کے نہین کہ عورتونپر کترانا ہے ترمذی ابوداود یعنے
عورتین اپنے سر کے بالون مین سے کسی جگہ سے ذراسی لٹ کاٹ ڈالین انکو
اسی مین بڑا اجر ہے روایت ہے ابن عباس سے جس وقت کہ مارے کنکریان

جمرہ عقبیٰ کو پس تحقیق حلال ہوئی اُسکے لئے ہر چیز سوائے عورتون کے احمد نسائی
روایت ہے عائشہ سے کہا تھی مین خوشبو لگاتی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کو دن نحر کے پہلے طواف کرنے خانہ کعبہ کے بخاری مسلم یعنے منا مین دسن کو
کنکریان مارکر پھر قربانی کرے پہر حجامت بنوائے اگر ہوسکے تو قربانی کا گوشت
کہاوے نہاوے کپڑے پہنے توشبو لگاوے اور جلدی طواف افاضہ کے لئے
مکہ معظمہ کو روانہ ہو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو میدان ہے عرفات کا
جگہ ٹہرنیکی ہے اور جو جگہ ہے منا مین جگہ ذبح کرنیکی ہے اور جو جگہ ہے مزدلفہ مین
جگہ ٹہرنیکی ہے ابو داؤد داری یعنے منا مین بیچ کے شیطان کے پاس
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے قربانی کی تھی اور ساری منا قربانی کرنیکی جگہ ہے
روایت ہے ابن عازب سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے
گئے کونسا جانور لائق قربانی کے نہین ہے ارشاد کیا پس فرمایا چار طرح کے جانور
ایک لنگڑا کہ ظاہر ہو لنگڑا پن اُسکا دوسرا کانا کہ ظاہر ہو کانا پن اُسکا تیسرا بیمار
کہ ظاہر ہو بیماری اُسکی چوتھا دبلا کہ نہ ہو گودا ہڈیون مین ترمذی ابو داؤد نسائی احمد دارمی
روایت ہے علی سے کہا فرمایا مجھ کو نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ خبرگیری کرون مین
اُن کے اونٹون کی اور صدقہ کرون اُن کے گوشت اور کہالین جہولین اور نہ دون

ہین اُس مین سے قصائی کو فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم دینگے اپنے
پاس سے بخاری مسلم یعنے قربانی کی ہر چیز کہال جھول سینگ بال رسی ہیج وغیرہ
سب صدقہ کرنا چاہیئے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت بڑا دن دنون
مین نزدیک اللہ کے دن نحر کا ہے پہر دن قر کا کہا ثور نے اور وہ دن دوسرا ہے
کہا راوی نے اور نزدیک کیے گئے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پانچ یا چھہ
اونٹ پس شروع کیا اونٹون نے کہ نزدیک ہوتے تھے طرف رسول اللہ کے
تاکہ کس کو انہین سے پہلے ذبح کرین کہا راوی نے جب گری کروٹین جانور ان
کی زمین پر کہا راوی نے پس بولے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم بولنا آہستہ کہ
جو شخص چاہے کاٹ کر لیجاوے ابوداؤد روایت ہے جابر سے کہا ذبح کی
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیبیون کی طرف سے ایک گائے
حجۃ الوداع مین مسلم روایت ہے جابر سے کہا نحر کیا ہمنے ساتھ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے سال حدیبیہ کے اونٹ سات کی طرف سے اور
گائے سات آدمیون کی طرف سے مسلم روایت ہے ابن عمر سے یہ
کہ وہ آئے ایک شخص کے پاس کہ بٹھاتا تھا اونٹ اپنا درحالیکہ نحر کرتا تھا
اسکو کہا ابن عمر نے کہ کھڑا کر تو اُس کو اور پانوٗن باندہ لازم پکڑ طریقہ

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا بخاری مسلم یعنے اونٹ کا با یا پاؤن اگلا باندہکر
رو بقبلہ کہڑا کرے پہر بہالا یا برچہا اُس کے گلے مین تیز دہار والے کا ہووہ
مارے اگلی ٹانگون سے اوپر گلے کے جب گر پڑے کاٹے کہائے اس کو
نحر کہتے ہین یہ سنت ہے روایت ہے عائشہ سے کہا ہدی بہیجی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے طرف خانہ کعبہ کے پہر ہار ڈالے اُن کے گلے مین بخاری
مسلم یعنی کوئی مسلمان کسی مسلمان حاجی کو قربانی کیلئے جانور دیدے تو سنت ہے
اور جس ملک سے جانور نہین جا سکتے ہین جیسے ہند وغیرہ سے
تو روپیہ دے تو کچھ حرج نہین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خون
سفید کا بہت محبوب تر ہے طرف اللہ کے خون دو سیاہون کے سے احمد
اور ایک روایت مین ہے تین سیاہون کے سے یعنے دنبا دنبی مینڈہا
بہیڑ مین سفید افضل ہے سیاہ سے اور زیادہ ہے ثواب مین روایت ہے
ابو سعید خدری سے کہا کہ قربانی کی نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ساتہ بڑے بڑے
سینگون والے نر کے جو کہاتا ہو سیاہی مین اور چلتا ہو سیاہی مین ابو داؤد نسائی
ابن ماجہ اور ایک روایت مین ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم محبوب
رکہتے تہے تہنے خصی کو یعنے ایسا چتکبرا دنبہ کہ ذرا سا منہ اور آنکہون کے

حلقے اور دو نین پائون یا چارون کالے اور سارا سفید قربانی کے لئے محبوب
رکھتے تھے اور تلاش کراتے تھے روایت ہے جابر سے ذبح کئے رسول اللہ
نے تریسٹھ اونٹ ساتھ ہاتھ اپنے کے پھر حکم کیا سا تھ لینے ایک ایک ٹکڑے
گوشت کے ہر اونٹ مین سے پھر ڈالا ان ٹکڑون کو ایک ہانڈی مین پس
پکائے گئے وہ ٹکڑے پس کہا یا رسول اللہ اور علی نے اور پیا اس کے
شوربے مین سے پھر سوار ہوے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور چلے طرف
خانہ کعبہ کے اور طواف کیا پس نماز پڑہی مکہ مین ظہر کی پھر آئے اولاد عبد المطلب
کے پاس کہ پلاتے تھے پانی زمزم کا پس فرمایا کھینچو پس اگر نہ ہوتا خوف اس کا
کہ غلبہ کرینگے لوگ تمپر اوپر پانی پلانے تمہارے کے تو البتہ کھینچتا مین پانی
پس دیا اولاد عبد المطلب کی نے ان کو ڈول پس پیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم نے اس سے مسلم روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم آئے طرف سبیل کے پس مانگا پانی زمزم کا پس کہا عباس نے
اپنے بیٹے کو لے آ پانی اپنی ماں کے پاس سے پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے پلا مجھ کو پس کہا عباس نے یا رسول اللہ تحقیق لوگ ڈالتے ہین
ہاتھ اپنے اس مین فرمایا رسول اللہ نے پلا مجھ کو پس پیا رسول اللہ نے

اُس مین سے پانی بخاری اس حدیث کا یہ مطلب ہے کہ سقاۂ زمزم پر کچھ پرہیز نہین
میں ترتیب فقیر کنگے سب ایک ہی جگہہ ایک ساہی برتن سے پانی پیتین کچھ پرہیز
و تکلف نہ کرین۔

روایت ہے ابن عباس سے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تاخیر کی
طواف افاضہ مین دن نحر کے رات تک ترمذی ابو داؤد نے تاخیر کا حکم دیا
روایت ہے ابن عباس سے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے نہین رمل کیا
بیچ طواف افاضہ کے ابو داؤد روایت ہے ابن عباس سے کہا تھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم پوچھے جاتے دن نحر کے منا مین پس پوچھا ایک شخص نے
کنکریان پھینکی مینے پیچھے شام ہونے کے فرمایا نہین گناہ بخاری روایت ہے
علی سے کہا آیا ایک شخص اور کہا یا رسول اللہ طواف افاضہ کیا مینے پہلے سر منڈانے
فرمایا اب سر منڈالے یا بال کتروا لے اور نہین گناہ اور آیا ایک اور شخص کہا
ذبح کیا مینے پہلے پھینکنے کنکریون کے فرمایا اب پھینک لے کنکریان اور نہین
گناہ ترمذی روایت ہے اسامہ بن شریک سے کہا نکلا مین ساتھ رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کے حج کو پس تھے لوگ آتے پاس رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کے کہا ایک شخص نے پھرا مین صفا مروہ پر پہلے طواف کرنیکے

پیچھی کی ہے ایک چیز یا پہلے کی ہے ایک چیز پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے نہین کچھ گناہ لیکن گناہ اُس شخص پر ہے کہ آبروریزی
کرے کسی مسلمان کی ابوداؤد روایت ہے عبد اللہ بن عمرو بن عاص سے
کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ٹھہرے حجۃ الوداع مین بیچ منا کے
کہ پوچھتے تھے مسائل پس آیا ایک شخص اور کہا نہ جانتا تھا مین پس سر منڈالا
مینے پہلے ذبح کرنیکے پس فرمایا ذبح کرلے اب اور نہین گناہ پھر آیا ایک اور شخص
اور کہا نہین جانتا تھا مین پس ذبح کی مینے پہلے کنکریان پھینکنے کے فرمایا
اب پھینک کنکریان اور نہین گناہ پس نہ پوچھے گئے رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کسی چیز سے کہ آگے پیچھے کی گئی ہو مگر فرمایا اب کرلے اور نہین گناہ
بخاری مسلم یعنے ہر کام ترتیبوار سنت کے موافق کرے کہ پہلے
کنکریان مارے پھر قربانی کرے پھر حجامت بنوائے پھر طواف افاضہ کرے
اور اسی طرح پہلے طواف کرے پھر سعی صفا مروہ اور لاعلمی اور بھول کر کوئی
کام آگے کا پیچھے کا آگے کرلیا تو کچھ گناہ نہین روایت ہے ابن عمر سے
کہا پروانگی مانگی عباس بن عبد المطلب نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے
رات کو رہنے مکہ مین راتون منا کے سے بسبب خدمت سبیل زمزم کے

پس اذن دیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو بخاری مسلم روایت ہے
حاتم سے کہا اجازت دی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واسطے چرانیوالے
اونٹون کے ترک کرنے راتون کو رہنے منا کے سے اور کنکریان مارین
دو دن نحر کے پس جمع کرین مارنا دو دن کا پیچھے دن نحر کے جو دن مین کہ
مارین دو دن کا مارنا بیچ ایک ان کے ترمذی نسائی یعنی اونٹوں کے چرانے
والون اور سبیل زمزم کی خدمت والون کو منا مین نہ رہنے کی رات کو رخصت
ملی ہے اور حاجی منا ہی مین ہین فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تمام
دن تشریق کے ذبح کے ہین احمد طبرانی وہ دن یہ ہین یوم النحر یوم القر یوم الرؤس
یوم النفر روایت ہے انس سے کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے منع
کیا روزون سے پانچ دن کے سال مین عید الفطر یوم النحر اور تین دن تشریق کے
دارقطنی روایت ہے عائشہ سے کہا فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے پس جو شخص کہ
نہ پاوے ہدی پس چاہئے کہ روزے رکھے تین دن بیچ حج کے اور سات
دن جب کہ پھرے طرف اہل اپنے کے بخاری مسلم یعنی یہ ٹکڑا ہے حدیث
طویل کا اور یہ حکم اُس شخص کے لئے ہے جو حج تمتع کرے اور قربانی نہ پاوے
مفلسی کے سبب یا قربانی ملے نہین روایت ہے ابن عباس سے وہ پھینکتے

جمرے نزدیک کے منارہ سے پر سات کنکریاں اللہ اکبر کہتے تھے ساتھ ہر کنکری کے
پھر آگے بڑھتے زمین نرم پر پھر کھڑے ہوتے رو بقبلہ دیر تک اور دعا مانگتے
اور اُٹھاتے دونوں ہاتھ اپنے پھر پھینکتے بیچ کے منارے پر سات کنکریاں
اللہ اکبر کہتے ساتھ ہر کنکری کے پھر چلتے بائیں طرف یہانتک کہ آتے زمین
نرم میں اور کھڑے ہوتے رو بقبلہ پھر دعا مانگتے اور اُٹھاتے دونوں ہاتھ اپنے
اور کھڑے رہتے دیر تک پھر پھینکتے جمرہ کبری پر نالے کے اندر سے سات کنکریاں
اللہ اکبر کہتے ساتھ ہر کنکری کے اور نہ ٹھہرتے نزدیک اُس کے اور کہتے اسی
طرح سے دیکھا میں نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو بخاری۔ یعنے گیارھویں بارھویں
تیرھویں کو اُس جمرے سے شروع کرے جو عرفات کی طرف کو مسجد خیف کے
قریب ہے یا نالے کے بیچ میں پہلے اسی کو کنکریاں مارے پھر دوسرے کو ان
دونوں کے پاس ذرا ٹھہرے ہٹ کے اُس کی حمد و ثنا کرے اور جو چاہے
دین و دنیا کی دعا مانگے اور تیسرا جمرہ جو مکہ کی طرف کو ہے اسپر کنکریاں مار کر
دعا کے لیے نہ ٹھہرے فرمایا اللہ تعالی نے سورہ بقرہ میں اور یاد کرو اللہ کو
بیچ دنوں گنے ہوئے کے پس جو کوئی جلدی کرے بیچ دو دن کے پس نہیں
گناہ اوپر اُس کے اور جو کوئی پیچھے رہے پس نہیں گناہ اوپر اُس کے یہ

واسطے اُس کے ہے جو پرہیزگاری کرے اور ڈرو اللہ سے اور جانو یہ
کہ تم طرف اُسکے اکھٹے کئے جاؤگے روایت ہے ابن عباس سے کہا
تھے آدمی پھرتے ہر طرف کو پس فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ
نہ نکلے ایک تمہارا یہان تک کہ ہو آخر وقت اُس کا ساتھ خانہ کعبہ کے مگر ہو تخفیف
کیا گیا ہے عورت حائضہ سے بخاری مسلم روایت ہے عائشہ سے کہا حائضہ
ہوئی صفیہ رات نفر کی مین کہا کہ نہین گمان کرتی مین مگر کہ روکونگی مین تمکو
فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے کیا طواف کیا ہے دن نحر کے کہا گیا کہ ہان فرمایا
پس چل بخاری مسلم یعنے طواف وداع کرنا ضرور ہے مرد عورت پر یہ وہ
طواف ہے جو گھر کو چلنے کیوقت کیا جاتا ہے مکہ سے لیکن حیض والی کو معاف
ہے مگر وہ عورت جس نے کسی عذر سے دس تاریخ کو طواف افاضہ نہین
کیا اس کو بعد حیض کے طواف وداع کرکے چلنا ہوگا اور طواف وداع کے
بعد چاہیے ملتزم و باب کعبہ و زمزم کے پاس دعا مانگے اپنے لئے دوسرون کے
لئے دنیا و آخرت کے بھلائی کی اور چلتے وقت زمزم پیئے منہ پر بدن پر
ڈالے اور جب ان سب کامون سے فارغ ہوکر بیت اللہ سے روانہ
ہو تو آخر مین حجر اسود کو چومکر مسجد سے نکلے پھر ادہر اُدہر پیچھا پھر پھر کر دیکھے

اُلٹے پاؤن نہ چلے نہ یہان نہ مدینہ منورہ مین بلکہ جس طرح مسجد سے نماز پڑھکر
پھرتے ہین اسی طرح پھرے ابن عباس نے کہا باب مسجد پر کھڑے ہوکر کعبہ کو
دیکھتے جانا مکروہ ہے ابراہیم نخعی نے کہا گلے لوگ جب حج کرکے پھرتے
تو کچھ صدقہ دیتے اور کہتے یا اللہ یہ اُس کا عوض ہے جو ہمین معلوم نہین
واللہ اعلم جب سب کامون سے فارغ ہوکر چلنے کو تیار ہو تب طواف
وداع کرے ایسا نہ کرے کہ اس کے بعد لین دین تجارت وغیرہ امور مین
مشغول ہو اور چلتے چلتے روٹی پانی کھجورین وغیرہ خریدلے تو کچھ مضائقہ
نہین میری رائے یہ ہے کہ دس بیس حاجی متفق ہوکر صبح کے وقت باب
ابراہیم پر اپنا سامان لیا دین اور ایک آدمی کو اسباب پر بٹھا دین اور
سب آدمی طواف وداع کرین بعد طواف کے یہین سے اونٹ لدوائین
اور اُس آدمی کو طواف کے لئے بھیجدین روایت ہے عائشہ سے فرمایا
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ گھر والون کے لئے کچھ تحفہ بھی بقدر میسر
لیتا آوے بیہقی اور یہ بھی حدیث مین ہے کہ اور کچھ نہ ہو تو ایک پتھر ہی
سہی لیتے خالی ہاتھ سفر سے گھر کو آنا اچھا نہین کچھ نہ کچھ کپڑا لتہ یا کھانے
پینے کی چیز یا لکڑی یا پتھر جو وہان کا تحفہ ہو ضرور لیتا آوے حدیث

مین سے جب وطن پہونچے اور گھر قریب ہو پہلے کسی کو بہیجکر خبر کر دے
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت ملاقات حاجی کرے تو تو سلام کر اسکو
اور مصافحہ کر اُس سے اور کہہ اُس سے یہ کہ بخشش لانگے تیرے لئے پہلے
اس سے کہ داخل ہو گہر اپنے مین کہ تحقیق وہ بخشش کیا گیا ہے احمد روایت
ہے کعب بن مالک سے کہ تہی نبی صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے پہرتے
پہلے مسجد مین جاکر دو رکعت نماز پڑہتے بخاری مسلم روایت ہے جابر سے
کہ تحقیق رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب سفر سے آئے مدینہ مین قربانی کیا
اونٹ کی یا گائے کی بخاری رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ
مین حج سے لوٹکر آئے اونٹ یا گائے ذبح کی خوشی کا کہانا کہلایا ابوداؤد
بعد حج کے جہان تک بن پڑے گناہون سے بچے اس لئے کہ جو شخص
مکہ مین اللہ سے کر آیا ہے جن گناہون سے مغفرت مانگ چکا ہے پہر اُن
گناہون مین مبتلا نہو اور اگر شامت اعمال سے بعد حج کے پہر کوئی گناہ ہو جاوے
تو فی الفور اُس سے توبہ کر ڈالے اور پہر کبہی اُس کے کرنیکا ارادہ بہی نکرے
کہلے گناہ کی کہلی توبہ اور پوشیدہ گناہ کی پوشیدہ توبہ اللہ غفور الرحیم ہے
کیونکہ اُس کی رحمت اُس کے غضب پر سبقت لے گئی ہے۔

باب دوسرا دعاؤں کے بیان میں اس میں ہر دعا کے حاشیہ پر دعا
پڑھنے کی جگہ اور وقت کہ یہ دعا کس جگہ پڑھی جائیگی اور کتاب کا پتہ فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا کرنی عین عبادت ہے پھر آپ نے یہ آیت پڑھی
اور فرماتا ہے رب تمہارا مجھ کو پکارو میں پہونچونگا تمہاری پکار کو ترمذی
ابوداؤد نسائی احمد فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب بندہ کہتا ہے
یا رب فرماتا ہے اللہ تعالی حاضر ہوں میں اے بندے میرے مانگ تجھ کو ملے
ابن ابی الدنیا فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دعا گودا ہے عبادت کا
ترمذی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کوئی چیز نزدیک اللہ کے
دعا سے زیادہ عزت والی ابن ماجہ فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
نہیں پھیرتی تقدیر کو مگر دعا اور نہیں بڑھاتی عمر کو مگر نیکی ترمذی فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک دعا کام آتی ہے دفع کرنے میں اس بلا کے
جو اتری ہے اور جو نہیں اتری پس لازم پکڑو تم اپنے پر اے بندگان خدا دعا
کرنے کو ترمذی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جو نہیں مانگتا اللہ سے
غصہ کرتا ہے اس پر ترمذی یعنے سبحان اللہ کیا رحمت الٰہی کا جوش ہے
کہ جو بندہ نہیں مانگتا اس پر وہ مالک غصہ کرتا ہے برخلاف مخلوق کے

کراُن سے مانگئے تو وہ غصہ کرتے ہین افسوس ہے اُس شخص پر جو ایسے مالک سے
نہ مانگے اور مخلوق سے مانگے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جسپر کہلا
تم مین سے دعا کا دروازہ کہل گئے اُسپر رحمت کے دروازے اور نہین مانگی
جاتی اللہ سے کوئی چیز کہ جس کا مانگنا اُسکو بہت محبوب ہو عافیت کے
مانگنے سے ترمذی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک رب تمہارا
بڑا حیا و الا کرم والا ہے شرماتا ہے اپنے بندے سے جبکہ وہ دعا مین ہاتھ
اٹھاتا ہے اُسکی طرف یہ کہ پہیر دے خالی ہاتھ ترمذی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم نے نہین کوئی مسلمان کہ دعا کرے کوئی دعا کہ اس مین گناہ و
ناتے کی بدسلوکی نہو تو اُس کو دیتا ہے اللہ تعالیٰ اُس دعا کی برکت سے
تین چیزون مین سے یا تو شتاب قبول کرتا ہے اُسکی دعا اور یا اُس کو آخرت کا
ذخیرہ کرتا ہے اس کے لئے یا روک دیتا ہے اُس سے برائی اُس کے کہا صحابہ نے ہم زیادہ
دعا کرینگے فرمایا اللہ کا فضل اُس سے بھی زیادہ ہے احمد فرمایا رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مانگو تم اللہ سے تو مانگو اس سے اپنی ہتیلیان
پہیلا کر اور نہ مانگو اُس سے اُلٹے ہاتھ کر کر ابو داؤد دیعنے سب دعاؤن مین ہاتھ
سیدہے سامنے رکہے مگر استسقا مین اُلٹے ہاتھ کر کے دعا مانگنی چاہئے

روایت ہے عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
جب اُٹھاتے اپنے ہاتھ دعا مین نہ رکھتے اُن کو جب تک پھیر لیتے اُن کو
اپنے منھ پر ترمذی روایت ہے انس سے کہا تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
اُٹھاتے تھے اپنے ہاتھ دعا مین یہانتک کہ نظر آتی سفیدی آپکے بغلون کی
بیہقی کہا راوی نے تھے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے اپنے انگوٹھے
مقابل اپنے مونڈھون کے اور دعا مانگتے بیہقی روایت ہے ابن عمر رضی سے
بیشک وہ کہتے تھے کہ بہت اونچا اٹھانا تمہارا ہاتھون کا بدعت ہے اور نہ
زیادہ کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دعا کرے ایک تمہارا پس
نہ کہے اے اللہ بخش مجھ کو اگر تو چاہے اور رحم کر مجھپر اگر تو چاہے اور روزی
دے مجھ کو اگر تو چاہے بلکہ چاہیئے کہ یقین کرے اپنے مانگنے مین بیشک اللہ
کرتا ہے جو چاہتا ہے اُسپر کسی کا زور نہین بخاری یعنے مسلمان جب دعا
مانگے تو اللہ سے ملنے کا یقین کرے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے
دعا مرد مسلمان کی اپنے بھائی کے حق مین پیٹھ پیچھے قبول ہے اس کے سر کے
پاس ایک فرشتہ مقرر ہے کہ جب وہ دعا خیر کرتا ہے اپنے بھائی کے حق مین
کہتا ہے وہ فرشتہ آمین اور کہتا ہے ملے گا تجھ کو بھی مانند اس کے مسلم

فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بیشک بہت جلدی قبول ہوتی ہے
دعا غائب کی غائب کے حق میں ترمذی روایت ہے عمرؓ سے کہا کہ اجازت
مانگی مینے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے عمرہ کی پس اجازت دی مجھکو اور فرمایا
ہم کو بھی شریک کرنا اے چھوٹے بھائی اپنی دعا میں اور نہ بھولنا ہم کو ابو داؤد
ترمذی فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جب تم دعا مانگو اللہ سے تو تم کو
یقین ہو اسکے قبول ہونے کا اور جان رکھو کہ بیشک اللہ نہیں قبول کرتا دعا
ہر دل غافل کھیلنے والے کی ترمذی یعنی دعا خوب دل حاضر اور متوجہ ہو کر
کرنی چاہئے اور ایسا نہ کرے کہ دل کہیں ہم کہیں دعا کہیں تھے رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم جب ذکر کرتے کسی شخص کا پھر دعا کرتے اس کے لئے تو شروع
کرتے اپنی ذات سے ترمذی یعنے یوں فرماتے اللہ بخش واسطے میرے اور
بخش واسطے فلان شخص کے رحم کر مجھ پر اور اس پر اللہ اکبر رسول اللہ صلی اللہ علیہ
وسلم کیسی رغبت دلاتے ہیں اپنے لئے اور دوسرے کے لئے دعا کرنے
کرانے کی تو ہر مسلمان کو اس کا بڑا خیال چاہئے اور خصوصاً صحابی رضی اللہ عنہم کو روایت
ہے عبداللہ بن مسعود سے کہا نماز پڑہی مینے پھر بیٹھا میں اور شروع کی دعا
اللہ کی تعریف سے پھر درود نبی صلی اللہ علیہ وسلم پر پھر دعا کی مینے اپنے لئے

پس فرمایا نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے بانگ تجہ کو ملے گا مانگ تجہہ کو ملے گا نزدیکی
فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ست کاہلی کرو تم دعا مانگنے مین دعا مانگنے
والا ہرگز ہلاک نہین ہوتا ابن حبان وحاکم اور صحیح کہا حاکم نے یعنے نقصان سے
محفوظ رہتا ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے واجب کیا اگر مہر کرے
یہ شخص پس کہا ایک شخص نے قوم مین سے ساتھ کس چیز کے مہر کرے فرمایا
ساتھ آمین کہنے کے ابوداؤد یعنے واجب کیا اُس نے اپنی دعا کے قبول.
ہونیکو اور آمین کو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے مہر فرمایا جس طرح خط اور
دوسری چیز پر مہر کرتے ہین تو اُس کو کوئی کہول نہین سکتا اور فتنہ وبلا سے
محفوظ رہتی ہے اسی طرح آمین کہنے سے دعا رد ہونیسے محفوظ رہتی ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِلَيْكَ تَوَجَّهْتُ وَبِكَ اعْتَصَمْتُ اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ مَا اَهَمَّنِيْ

اے اللہ طرف تیرے متوجہ ہوا مین اور ساتھ مدد تیری کے چنگل مارا مین نے اے اللہ کفایت کر مجہکو غم مین ڈالنے والی چیز و

وَمَا لَا اَهْتَمُّ بِهٖ اَللّٰهُمَّ زَوِّدْنِي التَّقْوٰى وَاغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَ

اور جس کا نہ قصد کیا مینے اے اللہ زاد راہ دے مجہہ کو تقوی اور بخش گناہ میرے اور

وَجِّهْنِيْ اِلَى الْخَيْرِ اَيْنَمَا تَوَجَّهْتُ زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى

پہیر دے مجہ کو بہلائی کیطرف جہان کہین ہون مین۔ توشہ کر دے اللہ تیرا پرہیزگاری کو

[illegible]

وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كُنْتَ

اور بخشے تیرے گناہ اور آسان کر دے تیرے لئے بھلائی کو جس جگہ تو ہو۔

أَسْتَوْدِعُكُمُ اللّٰهَ الَّذِي لَا يُضِيعُ وَدَائِعَهُ ۔ اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ الْبُعْدَ

تم کو اللہ کے حوالہ کرتا ہوں جو امانتوں کو ضائع نہیں کرتا ہے ۔ اے اللہ کوتاہ کر واسطے اس کے دوری

وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ ۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ

اور آسان کر اس پر سفر ۔ اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے اللہ بہت بڑا ہے

سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِينَ ۔

پاک ذات ہے وہ جس نے بس میں دیا ہمارے یہ اور ہم نہ تھے اس کو قابو میں لانے والے

وَإِنَّا إِلَىٰ رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُونَ ۔ اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِي

اور ہم کو اپنے رب کی طرف پھر جانا ہے ۔ یا اللہ ہم مانگتے ہیں تجھ سے اپنے اس سفر میں

سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى

نیکی اور پرہیزگاری اور کام تیری رضامندی کے ۔

اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ لَنَا بُعْدَهُ

یا اللہ آسان کر ہم پر یہ ہمارا سفر اور لپیٹ دے ہمارے واسطے اس کی دوری

سے نکل کر سواری پر سوار ہو تو یہ دعا پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الصَّاحِبُ فِی السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَۃُ فِی الْاَھْلِ یَااَرْضُ

یا اللہ تو رفیق ہے سفر میں اور خلیفہ ہے گھر والوں پر ای زمین

رَبِّیْ وَرَبُّكِ اللّٰهُ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّكِ وَشَرِّ مَا فِیْكِ

رب میرا اور رب تیرا اللہ ہے پناہ چاہتا ہوں اللہ کی تیری بدی سے اور بدی سے اس چیز کی جو تجھ میں ہے

وَشَرِّ مَا خُلِقَ فِیْكِ وَشَرِّ مَا يَدِبُّ عَلَيْكِ وَاَعُوْذُ

اور بدی سے اس چیز کی جو پیدا ہوتی ہے تجھ میں اور بدی سے اس چیز کی جو چلتی ہے تجھ پر

بِاللّٰهِ مِنْ اَسَدٍ وَّاَسْوَدَ وَمِنَ الْحَيَّةِ وَالْعَقْرَبِ

اور پناہ چاہتا ہوں اللہ کی شیر سے اور کالے سے اور سانپ سے اور بچھو سے

وَمِنْ شَرِّ سَاكِنِ الْبَلَدِ وَمِنْ وَّالِدٍ وَّمَا وَلَدَ

اور بدی سے شہر کے رہنے والوں کی اور بدی سے جننے والی کی اور جس کو جنا اس نے

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ سَمِعَ

پناہ چاہتا ہوں میں اللہ کے پورے کلموں کی اس چیز کی بدی سے جو پیدا کی اس نے

سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَنِعْمَتِهٖ وَحُسْنِ بَلَائِهٖ عَلَيْنَا

سننے والے نے ہمارے بیان کرنیکو خوبی اللہ کی اور سانہ اس کی نعمت کے بھلا اور اس کے

سلہ ابو داؤد حاکم مسافر کو جب راستہ میں شام ہو تو یہ دعا پڑھے سلہ مسلم حاکم جو کوئی منزل پر اترکر یہ پڑھے تو کوئی چیز اس منزل پر اسکو ضرر نہ کرے گی کوچ کرنے تک اسکو کوئی مکروہ نہ پہنچیگا۔ سلہ مسلم حاکم مسافر جب سفر میں صبح کرے تو یہ دعا پڑھے ۱۲

رَبَّنَا صَاحِبْنَا حَافِظْنَا وَافْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللّٰهِ
اور اچھے انعام کی جو ہمیرہے اے رب ہمارے ہم رفاقت کر ہماری حفاظت کر ہماری اور فضل کر ہم پر پناہ
مِنَ النَّارِ ۔ بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّیْ
دوزخ سے اللہ کے نام سے اسکا بہنا اور ٹہرنا ہے تحقیق رب میرا البتہ
لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ وَمَا قَدَرُوا اللّٰهَ حَقَّ قَدْرِهٖ بِسْمِ اللّٰهِ
بخشنے والا مہربان ہے اور نہیں قدر کی انہوں نے اللہ کی حق قدر اسکا
الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ قُلْ یٰۤاَیُّهَا الْكٰفِرُوْنَ لَاۤ اَعْبُدُ مَا
شروع کرتا ہوں میں ساتھ نام اللہ بخشش کرنیوالے مہربان کے کہہ تو اے کافرو نہیں عبادت کرتا میں
تَعْبُدُوْنَ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ وَلَاۤ اَنَا
اس چیز کی کہ عبادت کرتے ہو تم اور نہیں تم عبادت کرنیوالے اس چیز کی کہ عبادت کرتا ہوں میں
عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ لَكُمْ دِیْنُكُمْ
